یا رسول اللہ ﷺ
کہنے کا جواز

علامہ سراج احمد سعیدی رضوی

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور - کراچی پاکستان

یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہنے کا جواز

علمائے دیوبند اور وہابیہ کے مستند امام مولوی ابن قیم الجوزیہ متوفی ۷۵۱ھ آیت **لا تجعلوا دعآء الرسول** (نور:۶۳) کے تحت لکھتے ہیں:۔

امر سبحانہ ان لا یدعی رسولہ بما یدعوا الناس بعضھم بعضا بل یقال یا رسول اللہ و لا یقال یا محمد [1]

کہ اللہ پاک نے حضور کے غلاموں کو حکم دیا ہے کہ وہ آپس میں جیسے ایک دوسرے کو پکارتے ہیں ایسے نہ پکاریں بلکہ آپ کو یارسول اللہ سے پکاریں اور بتقاضائے ادب یا محمد بھی نہ پکارا جائے۔ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

(۲) مولوی ابن قیم صاحب اکا ایک اور ذکر کیا ہوا واقعہ ہدیہ نظر ہے۔ جس کو اہل سنت کے امام برحق حضرت شیخ محمد عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بھی نقل فرمایا ہے:۔

حضور پر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اُمت کے ولی حضرت شبلی بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ' حضرت ابوبکر مجاہد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے پاس گئے۔ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے زمانے کے واجب التعظیم عالم دین تھے آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ حضرت شبلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو دیکھ کر تعظیماً [2] اُٹھ کھڑے ہوئے اور حضرت شبلی کی پیشانی پر بوسہ دیا۔ عزت و احترام سے پیش آئے۔ مجلس میں بہت سے علمائے کرام موجود تھے حضرت مجاہد کو وہ کہنے لگے، آپ نے کمال کر دیا۔ ایک طرف تو آپ بھی اور بغداد کے شہری بھی شبلی کو دیوانہ کہتے ہیں اور دوسری طرف آپ اس کی اتنی تعظیم و تکریم کر رہے ہو۔ حضرت مجاہد نے فرمایا کہ احترام شبلی کیلئے نہیں بلکہ میں نے اپنے آقا و مولا جناب رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اتباع سنت کی ہے۔ آج رات میں نے خواب میں سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں شبلی کو آتے دیکھا تو حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہیں دیکھ کر اُٹھے اور ان کی پیشانی پر بوسہ دیا اور نہایت شفقت سے اپنے پاس بٹھایا میں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! آپ شبلی پر اتنی شفقت فرما رہے ہیں۔ وہ اس انعام و اکرام کا کس طرح مستحق ہے۔ آپ نے فرمایا، شبلی ہر نماز کے بعد آیت **لقد جآءکم رسول من انفسکم** (توبہ:۱۲۸) آخر تک پڑھنے کے بعد مجھ پر درود بھیجتا ہے۔ لہٰذا مجھے پیارا لگتا ہے وہ درود یہ ہے: **صلی اللہ علیک یا محمد صلی اللہ علیک یا محمد صلی اللہ علیک یا محمد** [3] (جذب القلوب، ص ۱۸۴، تبلیغی نصاب، ص ۷۸۹)

---

[1] جلاء الافہام، صفحہ ۸۸، عربی [2] وہابی مسلک میں کسی کی تعظیم کیلئے کھڑا ہونا بھی شرک ہے۔ (تقویۃ الایمان، صفحہ ۸۳)

[3] جلاء الافہام عربی، ص ۲۵۸۔ مزاج البحرین شیخ محقق، ص ۸۵، ۸۶

نوٹ......ابن قیم کی اس روایت سے چند باتیں معلوم ہوئیں:۔

- ☆ مافوق اپنے ماتحت کی عزت افزائی کیلئے قیامِ تعظیمی کرے تو جائز ہے۔
- ☆ محبت سے پیشانی کا چومنا جائز ہے اوراسی طرح دست و پا بھی۔
- ☆ اولیاء اللہ بارگاہِ نبوی میں آتے جاتے ہیں۔ وہ بھی اور سرکار بھی ایک دوسرے کو جانتے پہچانتے ہیں۔
- ☆ غلام، اُمتی، مسلمان جو کام کریں، جہاں کریں، جب کریں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سب جانتے ہیں۔
- ☆ نماز کے بعد مخصوص آیتیں اور 'یا' ندائیہ کے ساتھ درود شریف پڑھنا جائز اور باعثِ اجابت و نجابت ہے۔

(۳) شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جو علمائے اہل سنت و (بریلوی) کے علاوہ دیوبندیوں وہابیوں کے با اعتبار اور قابلِ رشک عالمِ دین اور امام ہیں۔ وہ 'یا' [1] والے درود شریف سے بارگاہ بے کس پناہ میں یوں ندا کرتے ہیں:۔

الصلوٰة والسلام عليك يا رسول اللّٰه

الصلوٰة والسلام عليك يا حبيب اللّٰه

پندرہ ندائیں ان کے علاوہ موجود ہیں یہ کل سترہ ندائیں بنتی ہیں [1] جو اورادِ فتحیہ میں موجود ہیں۔ ایک بار پڑھنے سے سترہ دفعہ یا رسول اللہ یا حبیب اللہ کہنا پڑتا ہے۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے زندگی میں کتنی بار اللہ تعالیٰ کے پیارے محبوب، مدینے کے تاجدار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پکارا ہوگا۔

عقل ہوتی تو نہ ان سے لڑائی لیتے　　　یہ گھٹائیں اسے منظور بڑھانا تیرا

توئی سلطان عالم یا محمد ﷺ　　　زروئے لطف سوئے من نظر کن

(مولانا جامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ)

اورادِ فتحیہ یعنی 'الصلوٰة والسلام عليك يا رسول الله' کہنے کی مقبولیت کے بارے میں شاہ ولی اللہ فرماتے ہیں، پھر فرضِ صبح کے پڑھے جب سلام پھیرے اورادِ فتحیہ (الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ اخیر تک) پڑھنے میں مشغول ہو کہ ایک ہزار چار سو ولی کامل کے متبرک کلام سے جمع ہوا ہے اور فتح ہر ایک کی ان میں سے ایک کلمہ میں ہوئی ہے جو حضور کے ساتھ اپنے اوپر لازم کرے (یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حاضر ناظر جان کر) اس کی برکت اور صفائی کا مشاہدہ کرے گا اور ایک ہزار چار سو ولی کی ولایت کا حصہ پائے گا۔ [3] (واللہ ولی التوفیق)

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے نزدیک 'الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ' پڑھنے والے ولی ہیں اور ولیوں کی ولایت سے حصہ پانے والے مگر تعجب ہے ان کے مریدوں وہابیوں، دیوبندیوں پر کہ یہ ان پر شرک کی چھاپ لگائیں۔ (لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم)

---

[1] اورادِ فتحیہ یعنی انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ، ص ۱۸۱، ۱۸۲　[2] ایضاً　[3] انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ، صفحہ ۱۴۲

(٤) شاہ ولی اللہ محدث دہلوی مذکور بارگاہِ نبوت میں دست گدائی پھیلا یوں فریاد کرتے ہیں:۔

وصلى عليك الله يا خير خلقه ...... ويا خير مامول ويا خير واهب

یعنی اے رحمت فرستد بر تو خدائے تعالیٰ اے بہترین خلق خدا اے بہترین کسے کہ امید او داشتہ شود و اے بہترین عطا کنندہ

اے بہترین خلق خدا، اللہ تعالیٰ آپ پر رحمت بھیجے اور اے بہترین امید کئے ہوئے اور اے بہترین عطا فرمانے والے۔

يا خير من يرجى لكشف رزية ...... ومن جوده قد فاق جود السحائب

یعنی اے بہترین کسے کہ امید او داشتہ شود برائے ازالہ مصیبتے اے بہترین کسے کہ سخاوت او رزیادہ است از باراں ہا رہا ١

اور اے وہ بہترین کہ جس سے ازالہ مصیبت کیلئے امید کی جائے اور اے بہترین ان کے کہ جن کی سخاوت بارش سے زیادہ ہے۔

(٥) شاہ ولی اللہ کے فرزند ارجمند علمائے دیوبند اور وہابیہ کے مسلّم امام شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی بارگاہِ مصطفوی میں اپنی عقیدت کے پھول نچھاور کرتے ہوئے یوں منادی ہوتے ہیں:۔

يا صاحب الجمال و يا سيد البشر ..... من وجهك المنير لقد نور القمر

لا يمكن الثناء كما كان حقه ..... بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

اے حسن و جمال والے اور اے بشروں کے سردار۔ آپ کے چہرۂ نور بخش سے چاند روشن کیا گیا

کما حقہ آپ کی تعریف کرنا ممکن نہیں۔ مختصر قصہ یہ کہ خدا کے بعد آپ ہی بزرگ ہیں۔

ایک روز حضرت شاہ صاحب نے فرمایا کہ عمر شباب میں مجھ کو ساٹھ ستر ہزار اشعار عربی، فارسی اور ہندی کے یاد تھے۔ اب بھی گیارہ ہزار یاد ہوں گے۔ پھر آپ نے سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں تصنیف کردہ (مذکورہ بالا) رباعی پڑھی۔ ٢

---

١ قصیدہ اطیب النغم مع شرح از شاہ ولی اللہ، صفحہ ٢٢۔ مقام رسول، جلد١ صفحہ ٢٦٠، ٢٦١

٢ کمالات عزیزی، صفحہ ٣٣۔ بستان المحدثین، صفحہ ٣٥٢۔ اسوہ رسول اکرم، صفحہ ٢، عبدالحی دیوبندی

(٦) علمائے دیوبند کے مرکزی پیر روشن ضمیر حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے مریدوں کو حکم فرماتے ہیں:۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ...... الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ...... الصلوٰۃ والسلام علیک یا نبی اللہ

(میرا ہر مرید) تین بار عروج ونزول کے طریقہ پر پڑھے۔ [1]

(٧) حاجی صاحب اپنے سلوک کے مریدوں کو یوں حکم فرماتے ہیں کہ میرا مرید آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت مثالیہ کا تصور کر کے درود شریف پڑھے (صورت مثالیہ کا معنی حاضر وناظر اور سامع ہوتا ہے)۔تصورِ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام اور داہنی طرف 'یا احمدؐ' اور بائیں طرف 'یا محمدؐ' اور دل میں 'یارسول اللہ' ایک ہزار بار پڑھے۔اِن شاءَ اللہ بیداری یا خواب میں (حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام) کی زیارت ہوگی۔ [2]

(٨) حضرت حاجی صاحب مہاجر مکی اپنے مریدین باصفا وباوفا کو زیارتِ سرکار کیلئے یوں حکم دیتے ہیں کہ عشاء کی نماز کے بعد پوری پاکی سے نئے کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر ادب سے مدینہ منورہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے اور خدا کی درگاہ میں جمال مبارک آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت حاصل ہونے کی دعا کرے اور دل کو تمام خیالات سے خالی کر کے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت کا سفید شفاف کپڑے اور سبز پگڑی اور منور چہرہ کے ساتھ تصور کرے (یعنی ان کو حاضر وناظر جانے)۔

'الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ' کی داہنے اور 'الصلوٰۃ والسلام علیک یا نبی اللہ' کی بائیں اور 'الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ' کی ضرب دل پر لگائے اور متواتر جس قدر ہو سکے درود شریف پڑھے۔اس کے بعد طاق عدد میں جس قدر

اللھم صل علی محمد کما امرتنا ان نصلی علیه

اللھم صل علی محمد کما ھو اھله

اللھم صل علی محمد کما تحب و ترضاه

اور سوتے وقت اِکیس بار سورۂ نصر پڑھ کر آپ کے جمال مبارک کا تصور کرے اور دورد شریف پڑھتے وقت سر قلب کی طرف اور منہ قبلہ کی طرف داہنی کروٹ سے سوئے اور 'الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ' پڑھ کر داہنی ہتھیلی پر دم کرے اور سر کے نیچے رکھ کر سوئے۔یہ عمل شب جمعہ یا دوشنبہ کی رات کو کرے۔اِن شاءَ اللہ مقصد حاصل ہوگا۔ [3]

بقول حاجی صاحب 'یا رسول اللہ' کہنے والے کو زیارتِ رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوگی' جاگتے ہوئے یا خواب میں۔ تو معلوم ہوا کہ یارسول اللہ کہنے والے آقا کی بارگاہ میں مقبول ومحبوب ہیں اور ان کو سرکارِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دیدار ضرور ہوگا۔

---

[1] کلیات امدادیہ بیان مراتب ذکر، صفحہ ٨ [2] کلیات امدادیہ، صفحہ ٣٥، ٣٦ [3] کلیات امدادیہ، صفحہ ٥٠، ٥١

(۹) دیوبندیوں کے پیر حضرت حاجی صاحب فرماتے ہیں کہ کوئی شخص 'الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم' کہے کچھ مضائقہ (حرج، پابندی) نہیں۔ ۱؎

(۱۰) پیشوائے علمائے دیوبند حضرت حاجی صاحب کی نعتیہ غزل کا ردیف 'یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم' سے شروع ہوتا ہے:۔

کرکے نثار آپ پر گھر بار یا رسول　　میں ہوں تمہارا تم میرے مختار یا رسول
ہو آستانہ آپ کا امداد کی جبیں　　اوراس سے زیادہ کچھ نہیں درکار یارسول ۲؎

حضرت حاجی صاحب نے اس غزل میں کلمہ 'یارسول' کو چودہ بار ردیف بنا کر اپنے ایمان وعقیدت اور سرکار سے والہانہ محبت کا اظہار فرمایا ہے۔

(۱۱) حاجی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں یوں فریادی ہوتے ہیں:۔

ذرہ چہرے سے پردے کو اٹھاؤ یارسول اللہ　　مجھے دیدار اپنا تک دکھاؤ یا رسول اللہ
جہاز امت کا حق نے کردیا آپ کے ہاتھوں　　بس اب چاہو ڈباؤ یا تراؤ یا رسول اللہ ۳؎

اس نعتیہ غزل میں دیوبندیوں کے پیرومرشد نے چوبیس بار حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پکارا ہے اور ندا کی ہے۔ دیوبندیوں کے مولویو! لگاؤ فتویٰ حاجی صاحب اپنے پیرومرشد پر، ورنہ پھر ایمان لاؤ 'یارسول اللہ' پر اور کہو یارسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)۔

(۱۲) حاجی صاحب موصوف کی فریادی 'مناجات' بہ بارگاہ سیّد السادات علیہ الصلوٰۃ والسلام ملاحظہ فرمائیں:۔

اے رسول کبریا فریاد ہے　　یا محمد ﷺ فریاد ہے
آپ کی اُلفت میں میرا یا نبی　　حال یہ ابتر ہوا فریاد ہے
سخت مشکل میں پھنسا ہوں آج کل　　اے مرے مشکل کشا فریاد ہے
چہرہ تاباں کو دکھلادو مجھے　　تم ملو اے نور خدا فریاد ہے
گردن و پا سے مرے زنجیر و طوق　　یا نبی کیجئے جدا فریاد ہے
قید غم سے اب چھڑا دیجئے مجھے　　یا شہ دو سرا فریاد ہے
یا نبی امداد کو در پر لو بلا　　اس لئے صبح و مسا فریاد ہے ۴؎

اس مناجات میں اللہ تعالیٰ کے پیارے محبوب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آٹھ بار بطور فریاد اور آپ کے فریاد رس، حاجت روا، مشکل کشا، دافع البلاء جان کر ندا کی گئی اور آپ کو پکارا گیا۔ عقل کے اندھو! دین کے دشمنو! لگاؤ فتویٰ کفر وشرک حاجی صاحب پر بھی۔ (العیاذ باللہ)

۱؎ کلیات امدادیہ، صفحہ ۷۶　۲؎ کلیات امدادیہ گلزار معرفت، صفحہ ۱۸۰　۳؎ کلیات امدادیہ، صفحہ ۱۸۰　۴؎ کلیات امدادیہ، صفحہ ۲۲۳

(۱۳) حاجی امداداللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہجر وفراق میں مجبور ہوکر 'مناجات' دیگر میں یوں عرض کرتے ہیں:۔

آپ کی فرقت نے مارا یا نبی ﷺ　　دل ہوا غم سے دو پارا یا نبی ﷺ
طالب دیدار ہوں، دکھلا دیجئے　　روئے نورانی خدارا یا نبی ﷺ [1]

اس مناجات میں بھی حضرت حاجی صاحب نے نو بار دافع البلاء، امام الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء کو پکارا ہے۔ اگر بالفرض بقول وہابیہ، دیوبندیہ یہ ندا و پکار سوائے خداوند کے کسی کو شرک ہے یا قرآن و حدیث اور شرع کے خلاف تو علمائے دیوبند کے پیر مرشد، معلم، مدرس اور استاد کل مولانا حاجی امداداللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے سرکار ابد قرار، محبوب کردگار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کیوں 'یا' سے پکارا؟ اس کو شرک وخلاف شرع کیوں نہ سمجھا؟ سچ فرمایا شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ؎

خر عیسیٰ اگر بمکہ رود چوں بیاید ہنوز خر باشد

(۱۴) علمائے دیوبند کے پیر حضرت حاجی امداداللہ مہاجر مکی نے جب دیوبندیوں کو 'یارسول اللہ' کے مسئلے پر اُلجھتے دیکھا تو یہ فتویٰ صادر فرما کر حق کا ساتھ دیا...... 'الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ' بصیغہ خطاب (حاضر) میں بعض (دیوبندی وہابی) لوگ کلام کرتے ہیں۔ یہ اتصال معنوی (وسعت علم واتصال روحانی) پر مبنی ہے له الخلق والامر۔ عالم مقید بجہت وطرف قرب و بعد وغیرہ نہیں۔ پس اس (ندائے بصیغہ خطاب) کے جواز میں شک نہیں [2] یعنی بلاشک وشبہ 'یارسول اللہ' کہنا جائز ہے۔

(۱۵) حاجی صاحب کے مرید اور دیوبند کے حکیم مولوی اشرف علی صاحب تھانوی عبارتِ مذکورہ کی تشریح میں لکھتے ہیں...... یعنی جس کو اتصال معنوی مع الکشف نصیب ہو (یعنی جو حضور کو حاضر وناظر وسامع سمجھے تو) وہ اس قرب کے مکشوف ہونے پر 'بلاواسطہ' خطاب کرسکتا ہے ورنہ (حاضر وناظر جاننے والا) یوں سمجھ لے کہ ملائکہ پہنچاویں گے۔ [3]

بہر کیف 'الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ' پڑھنا مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کے نزدیک بھی جائز ہوگیا۔ ۱۲ منہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

---

[1] کلیات امدادیہ، صفحہ ۲۲۴　[2] شمائم امدادیہ، صفحہ ۵۲۔ کلیات امدادیہ، صفحہ ۶۷۔ امدادالمشتاق، صفحہ ۵۹' مولوی اشرف علی تھانوی
[3] امدادالمشتاق، صفحہ ۵۹

البتہ جو ندا نص میں وارد ہے مثلاً یا عباد اللہ اعینونی [1] وہ باتفاق جائز ہے اور یہ تفصیلی حق عوام میں ہے اور جو اہل خصوصیت ہیں ان کا حال جدا ہے اور حکم بھی جدا۔ ان کے حق میں یہ فعل عبادت ہو جاتا ہے۔ جو خاص میں سے ہوگا خود سمجھ لے گا۔ بیان کی حاجت نہیں۔ یہاں سے معلوم ہو گیا حکم وظیفہ [2] یا شیخ عبد القادر شیأ للہ کا (یعنی یہ بھی جائز ہے) لیکن اگر شیخ کو متصرف حقیقی سمجھے تو 'منجز الی الشرک' (تو شرک کی طرف تجاوز) ہے ہاں اگر وسیلہ و ذریعہ جانے یا ان الفاظ کو بابرکت سمجھ کر خالی الذہن ہو کر پڑھے کچھ حرج (شرک) نہیں۔ یہ تحقیق اس مسئلے میں۔ اب بعض علماء (دیوبندی مرید) اس خیال سے کہ عوام فرق مراتب نہیں کرتے۔ اس ندا سے منع کرتے ہیں۔ ان (مولویوں) کی نیت بھی اچھی ہے۔ انما الاعمال بالنیات مگر مصلحت یوں ہے کہ اگر ندا کرنے والا (مسلمان) سمجھدار ہو تو اس پر حسن ظن کیا جاوے (اور نہ روکا جاوے) اور محل عامی جاہل ہو تو اس سے دریافت کیا جاوے اور کسی وجہ سے اصل عمل سے منع کرنا مصلحت ہو تو بالکل روک دیا جائے۔ لیکن ہر موقعہ پر اصل عمل (یا شیخ عبد القادر شیأ للہ) سے منع کرنا مفید نہیں ہوتا۔ ایک بات کہ وہ بھی بہت جگہ کارآمد ہے یاد رکھنے کے قابل ہے وہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی عمل فاسد میں مبتلا ہو اور قرائن قویہ سے یقین ہو کہ یہ شخص اصل عمل کو ترک نہ کرے گا تو اس موقع پر نہ اصل عمل کے ترک کرنے پر اس کو مجبور کرے کہ بجز فساد و عناد کوئی ثمرہ نہیں۔ نہ اس کو بالکل مہمل و مطلق العنان چھوڑ دے کہ شفقت و اُخوت اسلامی کے خلاف ہے بلکہ اصل عمل (یا شیخ عبد القادر جیلانی شیأ للہ) کی اجازت دے کر اس میں جو خرابی ہو اس کی اصلاح کر دے کہ اس میں اُمید قبول اغلب ہے۔

---

[1] الکلم الطیب، صفحہ ۵۸ لابن تیمیہ، تاج کمپنی۔ حصن حصین، صفحہ ۲۰۱، ۱۷۵ للامام محمد الجزری۔ ہدیۃ المہدی، صفحہ ۲۴

[2] کلیات امدادیہ (فیصلہ ہفت مسئلہ) صفحہ ۷۶، ۷۷

(۱۷) آج سے تقریباً سو سال پہلے مسلک دیوبند اور مدرسہ دیوبند کی بنیاد رکھنے والے صد سالہ دیوبندی مذہب کے بانی قاسم العلوم [۱] والخیرات مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی 'دیوبند' میں بیٹھ کر 'سرکارؐ' کی بارگاہ میں فریاد ندا مع الحاضر والناظر کرتے ہیں:۔

جو انبیاء ہیں وہ آگے تیری نبوت کے ۔۔۔ کرتے ہیں امتی ہونے کا 'یا نبیؐ' اقرار
کروڑوں جرموں کے آگے یہ نام کا اسلام ۔۔۔ کرے گا 'یا نبی اللہؐ' کیا میرے پہ پکار
مدد کر اے کرم احمدی کہ تیرے سوا ۔۔۔ نہیں ہے قاسم بے کس کا کوئی حامی کار [۲]

(۱۸) دیوبندیوں کے بانیٔ اسلام [۳] اور امام اعظم مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی لکھتے ہیں، اگر اس کلمہ 'الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہؐ' کو درود شریف کے ضمن میں کہے اور یہ عقیدہ کرے کہ ملائکہ اس درود شریف کو آپ کے پیش عرض کرتے ہیں تو دُرست ہے۔ [۴]

---

[۱] حکایات، ارواح ثلاثہ، صفحہ ۲۲۸۔ امداد المشتاق، صفحہ ۲۷۔ عقائد دیوبند، صفحہ ۲۷ تحذیر

[۲] قصائد قاسمی، صفحہ ۶۔۸

[۳] مرثیہ محمود الحسن، صفحہ ۴

[۴] فتاویٰ رشیدیہ، صفحہ ۳۳۴۔ مطبوعہ ایچ ایم سعید کراچی

لطیفہ...... حضور پُر نور، نور گر و نور بخش و نور افروز حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نور نہ ماننے والے مولوی اشرف علی تھانوی کے مرید مولوی نور محمد صاحب اصح المطابع کراچی نے امام جزولی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی مقبول محبوب و مستند کتاب 'دلائل الخیرات' [1] پر حاشیہ لکھا ہے اور اپنے مطبع میں چھاپی ہے۔ دلائل الخیرات شریف کے حزب سادس (ص ۱۸۹) میں لکھا ہے:۔

اللهم انی اسئلك واتوجه اليك بحبيبك المصطفىٰ عندك يا حبيبنا يا سيدنا محمد انا نتوسل بك الىٰ ربك فاشفع لنا عند المولى العظيم يا نعم الرسول الطاهر

خداوند میں مانگتا ہوں تجھ سے اور متوجہ ہوتا ہوں تیری طرف بوسیلہ تیرے حبیب کے جو برگزیدہ ہیں تیرے نزدیک اے حبیب ہمارے اے سردار ہمارے اے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم وسیلہ کرتے ہیں آپ کو آپ کے پروردگار کی طرف سوشفاعت کیجئے ہمارے مولیٰ بزرگ کے پاس۔ اے بہت ہی اچھے رسول پاک۔ (ترجمہ دلائل الخیرات، صفحہ ۱۸۹)

حاشیہ ملاحظہ فرمائیے۔ یا سیدنا محمد اور یا نعم الرسول (حاشیہ نگار یا حبیبنا بھول گئے کیونکہ دروغ گورا حافظہ نباشد ۱۲ سعیدی عفی عنہ)

پڑھتے وقت یہ تصور کرلے کہ میں روضۂ مطہرہ کے سامنے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کر رہا ہوں۔ یہ ہرگز تصور نہ کرے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاضر و ناظر ہیں کہ یہ عقیدہ مشرک کر دیتا ہے۔ خدا کی پناہ اس سے نیکی برباد اور گناہ لازم ہوگا۔ ۱۲۔ نور محمد [2]

لطف کی بات یہ ہے کہ مولوی نور محمد صاحب مرید و خلیفہ تھانوی صاحب اور تمام دیوبندی اللہ کے پیارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو 'حضور' لکھتے، پڑھتے اور بولتے ہیں۔ چنانچہ عبارتِ مذکورہ میں مولوی نور محمد صاحب نے دو بار لفظ 'حضور' لکھا ہے المنجد عربی، مصباح اللغات دیوبندی اور فیروز اللغات صفحہ ۵۸۸ اُردو میں لکھا ہے کہ 'حضور' (ع) مذکر (معانی) حاضری، موجودگی، حضرت قبلہ، خداوند وغیرہ گویا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حضور بول کر یہ تسلیم کرلیا جاتا ہے کہ آپ کی موجودگی و حاضری برحق ہے اسی سے حاضر و ناظر ہے جو موجود ہو وہ ناظر بھی ہوتا ہے۔ اہل اسلام کی معتبر کتاب مفردات امام راغب صفحہ ۲۷۵ میں ہے کہ الحضور مع المشاھدة اما بالبصر او بالبصيرة حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حضور مان کر حاضر کا انکار کمال جہالت اور انتہائی بے وقوفی ہے۔

---

[1] مولوی اشرف علی تھانوی وغیرہ اور ان کے مرشد حاجی صاحب دلائل شریف پڑھا کرتے تھے۔

[2] حاشیہ دلائل الخیرات مطبوعہ نور محمد خیر کثیر، صفحہ ۱۸۹

تعجب یہ ہے کہ 'یاسیّدنا محمدؐ' پڑھنے والا یہ تصور کرے کہ میں روضۂ مطہرہ کے سامنے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوکر عرض کررہا ہوں۔ جہاں بھی بیٹھا ہو اپنے کو بارگاہِ رسالت میں حاضر جانے۔ ایک ادنیٰ عاصی بندہ تو حاضر و ناظر ہوسکتا ہے مگر اللہ تعالیٰ کے پیارے محبوب حضور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام جو النبی اولی بالمومنین من انفسهم کہ نبی مومنوں کی جانوں سے بھی زیادہ ان کے قریب ہے۔[1] کو حاضر و ناظر مان لیا جائے تو کیونکر شرک ہوگا۔ مولوی نور محمد صاحب دیوبندی جو کمال اُمتی کیلئے تسلیم کرتے ہیں، اگر اہل سنت وہی کمال حضور پُر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام کیلئے مانیں تو آخر کیوں مشرک ٹھہریں؟

الصلوٰة والسلام عليك يا رسول الله بعدد كل معلومات الله ۱۲۔سعیدی غفرلہٗ

---

[1] یہ معنی مولوی قاسم صاحب بانی مدرسہ دیوبند نے کیے ہیں۔ تحذیر الناس، صفحہ ۱۷، مطبوعہ راشد کمپنی دیوبند

آبِ حیات، صفحہ ۱۵۸ از مولوی محمد قاسم نانوتوی دیوبندی

[2] نشر الطیب مذہب بحوالہ

(۱۹) اُمت دیوبند کے تجربہ کار حکیم مولوی اشرف علی صاحب تھانوی اپنے مجربہ نسخہ پر عمل کرتے ہوئے بارگاہِ نبوت علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں یوں فریادی ہو کر ندا کرتے ہیں:۔

یا شفیع العباد خذ بیدی	انت فی الاضطرار معتمدی
دست گیری کیجئے میرے نبی	کشمکش میں تم ہی ہو میرے نبی
لیس لی ملجاء سواك اغث	مسنی الضر سیدی سندی
جز تمہارے ہے کہاں میری پناہ	فوج کلفت مجھ پہ غالب ہوئی
غشنی الدھر یا بن عبد الله	کن مغیثا فانت لی مددی
ابن عبد اللہ زمانہ ہے خلاف	اے میرے مولا خبر لیجئے میری
یا رسول الالٰه بابك لی	من غمام الغموم ملتحدی[۱]
میں ہوں بس اور آپ کا دربار رسول	ابر غم گھیرے نہ پھر مجھ کو کبھی

(۲۰) نیز تھانوی صاحب نے السلام علیك ایھا النبی و رحمة الله و برکاته[۲] کو تیرہ بار ذکر فرما کر السلام۔ علیك ۔ ایھا النبی یعنی یا نبی سلام علیك کے جواز کی شہادت پیش فرما کر مسلک حق اہل سنت کی تائید کی ہے۔ شہنشاہ حکمت مولوی اشرف تھانوی صاحب گئے مر اور مریضان دیوبند کے معدے گئے بگڑ، علاج صحیح نہ ہوسکا۔ پرانا نسخہ جو ہر لحاظ سے مفید تھا راس نہ آیا۔ جب بھی مریضوں نے 'یارسول اللہ' سنا تو فوراً بدہضمی کا شکار ہوگئے۔ کفر کے گندے جراثیم کی ڈکاریں آنا شروع ہوگئیں، تو 'پنڈت نہرو' کراڑ و ہندو گاندھی پر سلام[۳] پڑھنے لگے اور 'یارسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام' پڑھنے پر کفر و شرک کا فتویٰ لگا کر صد سالہ جشن دیوبند میں اندرا گاندھی اور اس کے بیٹے سنجے گاندھی کیلئے قیامِ تعظیمی[۴] کر کے ان کی دعوتیں[۵] کھا کر اپنی عقیدت و محبت اور عشق ہونے کا اظہار کیا۔ (لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم)

---

[۱] نشر الطیب، صفحہ ۱۹۴ [۲] نشر الطیب، صفحہ ۳۲۳، ۳۲۴ [۳] دیوبندی مذہب بحوالہ

[۴] روئیداد صد سالہ جشن دیوبند [۵] امروز اخبار

(۲۱) مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کا یہ واقعہ منکرین 'یارسول اللہ' کے حرمان وخذلان کا باعث ہے۔

واقعہ یوں ہے کہ کسی ولی کے انتقال کے بعد ان کے چہرے سے کپڑا ہٹایا گیا تو وہ یہ کہہ رہے تھے کہ محمد رسول اللہ نبی امی خاتم النبیین ہیں۔آپ کے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔یہ پہلی کتاب میں ہے۔پھر کہا سچ فرمایا۔پھر کہا یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔ السلام علیك یا رسول اللہ و رحمة اللہ و برکاته اور پھر ویسے ہی مردہ ہوگئے جیسے کہ تھے۔ [۲]

﴿ محصلہ چند باتیں ﴾

☆ اولیاء اللہ کا بعد از وصال بولنے پر طاقت رکھنا۔

☆ سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آخری نبی ہیں بعد از وفات بھی یہی عقیدہ ضروری ہے۔

☆ وفات کے بعد بھی یارسول اللہ کہنے کا تصور رکھنا چاہیے۔

☆ ولیوں، مسلمانوں کی علامت یہی ہے کہ وہ 'یارسول اللہ' کہیں۔

(۲۲) تھانوی کے 'یا نبی اللہ' بصیغہ خطاب کہنے کا واقعہ ہدیہ ناظرین ہے۔ڈھاکہ مشرقی بنگال میں ایک بزرگ نے جو حکیم الامت تھانوی صاحب کے شناسا نہ تھے،خواب میں حضورِ انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا فرماتے ہیں،اشرف علی صاحب کو میرا اسلام پہنچانا ان بزرگ نے عرض کی حضور (علیک الصلوٰۃ والسلام) میں اس (اشرف علی) سے واقف نہیں۔ارشاد ہوا،ظفر احمد کے ذریعے۔یہ بزرگ مولانا ظفر احمد صاحب عثمانی جو حکیم الامت کے حقیقی بھانجے ہیں اور ڈھاکہ ہی میں مقیم تھے۔اس سے واقف تھے چنانچہ صبح کو ان بزرگ نے مولانا ظفر احمد صاحب سے واقعہ کا اظہار کیا اور مولانا موصوف نے اس کی اطلاع حکیم الامت کی خدمت میں کردی۔

جب حکیم الامت تک یہ مژدہ پہنچا تو آپ پر ایک کیفیت طاری ہوگئی اور بے ساختہ زبان سے نکل گیا کہ و علیك السلام یا نبی اللہ اور اس کے بعد فرمایا کہ آج تو دن بھر صرف درود شریف ہی پڑھوں گا اور باقی سب کام بند.....سوانح نگار نام نہاد مولوی غلام محمد صاحب لکھتا ہے کہ 'اس سے حکیم الامت کی شان عالی اور عنداللہ آپ کی مقبولیت ومحبوبیت عیاں ہے'۔ [۳]

---

[۱] علمائے دیوبند اور وہابیہ کے امام مولوی ابن قیم الجوزی لکھتے ہیں کہ حضور پُرنور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے غلام حضرت زید بن خارجہ وہ ہیں کہ الذی تکلم بعد الموت وفات کے بعد بھی بول پڑے۔ (جلاء الافہام عربی،صفحہ ۱۱)

[۲] جمال الاولیاء،صفحہ ۳۹ [۳] حیاتِ اشرف،صفحہ ۱۰۱،۱۰۲۔مطبوعہ تھانوی کراچی

اس عبارت سے جو باتیں سامنے آتی ہیں وہ یہ ہیں:۔

☆ حضور پُر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام صرف نور نہیں بلکہ بمبالغہ انور ہیں۔

☆ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام خواب میں آ کر دیدار کرانے کی قدرت رکھتے ہیں۔

☆ حضور پر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام روضۂ اطہر میں رہتے ہوئے بنگالی بزرگ مولوی ظفر اور تھانوی صاحب کو جانتے ہیں۔ تو پھر تمام امتیوں اور ان کے احوال و اعمال کو کیوں نہیں جانتے؟ حالانکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ

فتجلی لی کل شیٔ وعرفت وفی روایۃ علمت ما فی السمٰوات والارض کلاھما فی المشکوٰۃ و قال اللہ تعالیٰ فی علم نبیہ! ونزلنا علیک الکتاب تبیانا لکل شیٔ

☆ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام روضۂ مقدس میں زندہ موجود ہیں۔ بولنے وسلام دینے اور جب چاہیں جس کیلئے چاہیں جسے چاہیں آنے جانے کا اختیار رکھتے ہیں۔

☆ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی اللہ تعالیٰ کے حکم وابتغوا الیہ وسیلۃ کی طرح واسطے اور وسیلے کا حکم فرماتے ہیں۔

☆ حکیم الامت صاحب پر یہ پیغام سن کر کیفیت طاری ہونا ایسا ہو سکنے کی صحت اور مسائل مذکورہ کی تائید کی بہترین دلیل ہے۔

☆ بصیغہ خطاب یعنی 'حاضر و ناظر' 'یا' ندائیہ کے ساتھ سلام پڑھنا جائز ہے۔

☆ سب کام بند کر کے درود شریف پڑھنے کا جواز اور اس پر عمل۔

☆ سوانح نگار اس واقعہ کو مقبولیت و محبوبیت عند اللہ سمجھتا ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ کا تو اس واقعہ میں کوئی ذکر ہی نہیں ہے یعنی وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ کی مقبولیت و محبوبیت کو عین بارگاہِ خدا کی مقبولیت و محبوبیت سمجھتا ہے یعنی جو عند النبی ہے وہ عند اللہ اور جو عند النبی نہیں وہ عند اللہ بھی نہیں ہے۔

کیا خوب فرمایا امام اہلسنّت مجدد مائۃ رابع عشر، ماحی شرک و بدعت الشاہ احمد رضا علیہ الرحمۃ نے ؎

بخدا خدا کا یہی ہے در نہیں اس سے کوئی مفر مقر
جو وہاں سے ہو یہیں آ کے ہو جو وہاں نہیں تو یہاں نہیں

غلام اللہ نہ بننے والے مولوی غلام محمد سوانح نگار مولوی اشرف علی صاحب تھانوی مولوی مناظر کے مضمون سے لکھتے ہیں کہ

(۲۴،۲۳) بعض خاص نوعیت کے متعلق مشہور کر دیا گیا ہے کہ دیوبندی کی طرف منسوب ہونے والے علماء کا ان مسائل میں یہ خیال ہے حتی کہ بے جانے بھی لوگ سمجھ جاتے ہیں کہ دیوبندی اس کا یہ جواب دے گا مثلاً یہ سوال کہ 'یارسول اللہ' کے کہنے کا مسلمانوں میں عام رواج جو پایا جاتا ہے دیوبندی مولوی اس کو کبھی جائز نہیں کہہ سکتا مگر سنئے دیوبندیوں کے پیشوا تھانوی صاحب کا کیا خیال تھا فرمایا کہ شوقا اذا ما ذونا فیہ (کمالات اشرفیہ، صفحہ۵) یعنی پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ مسلمانوں کے قلوب کا جو اشتیاقی تعلق ہے اس کا تعلق 'یارسول اللہ' سے اگر کوئی کرتا ہو 'یارسول اللہ' کہنے میں اس کو لذت ملتی ہو تو مولانا تھانوی صاحب اس صورت میں 'یارسول اللہ' کہنے کی اجازت دیتے تھے۔ البتہ استعانۃً واستعۃً فرمایا کہ جائز ہوگا۔ [۱]

(۲۵) حافظ سید عنایت علی شاہ خلیفہ مجاز مولوی اشرف علی صاحب تھانوی 'الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ' کے جواز کے قائل ہیں۔ [۲]

(۲۶) علمائے دیوبند کے ملجاء (جائے پناہ) اور دائرہ تحقیق کے مرکز وحید عصر شیخ ہند کے جانشین مولوی حسین احمد صاحب صدر مدرس مدرسہ دیوبند تحریر فرماتے ہیں کہ پانچ طریقوں سے 'یارسول اللہ' پڑھنا جائز ہے۔

مسئلہ نداء رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں وہابیہ مطلقاً منع کرتے ہیں اور یہ (دیوبندی) حضرات نہایت تفصیل فرماتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ☆ لفظ 'یارسول اللہ' اگر بلالحاظ معنی اسی طرح نکلا ہے جیسے لوگ بوقتِ مصیبت وتکلیف ماں اور باپ کو پکارتے ہیں تو بلاشک جائز ہے۔ علیٰ ہٰذا القیاس ☆ اگر بلحاظ معنی درود شریف کے ضمن میں کہا جاوے گا تو بھی جائز ہوگا۔ علیٰ ہٰذا القیاس ☆ اگر کسی سے غلبۂ محبت وشدت وجد وتوفر عشق میں نکلا ہے تب بھی جائز ہے اور اگر اس ☆ عقیدہ سے کہا کہ اللہ تعالیٰ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک اپنے فضل وکرم سے ہماری نداء کو پہنچا دے گا۔ اگرچہ بروقت پہنچا دینا ضروری نہ ہوگا مگر اس امید پر وہ ان الفاظ کو استعمال کرتا ہے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں۔ علیٰ ہٰذا القیاس ☆ اصحاب ارواح طاہرہ ونفوس ذکیہ جن کو بعد مکانی اور کثافت جسمانی اپنے فرائض کی تبلیغ مانع نہ ہوں۔ اس میں بھی کوئی قباحت نہیں مگر ہر دو طریقہ اخیرہ میں عوام کے سامنے نہ کرنا چاہئے کیونکہ وہ اپنی کم فہمی کے باعث سے حضور اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نسبت یہ عقیدہ ٹھہرا لیتے ہیں کہ جیسے جناب باری عزاسمہ پر جملہ اشیاء ظاہریہ وباطنیہ مخفی نہیں اور ہر جگہ کہ جملہ امور اس کے نزدیک حاضر ومعلوم ومسموع ہیں اسی طرح رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی تمام اشیاء معلوم ہیں اور آنجناب کو عالم الغیب خیال کرنے لگتے ہیں۔ حالانکہ عالم الغیب والشہادۃ ہونا صفات مخصوصہ جناب باری عزاسمہ سے ہے اور اس طرح ندا کرنا حضور علیہ السلام کو بایں اعتقاد کہ آپ کو ہر منادی کی ندا کی خبر ہو جاتی ہے ناجائز ہے۔ وہابیہ خبیثیہ یہ صورت نہیں نکالتے اور جملہ انواع کو منع کرتے ہیں۔ [۳]

---

[۱] حیاتِ اشرف، صفحہ ۲۲۹ [۲] باغ جنت، صفحہ ۲۸۶ [۳] الشہاب الثاقب، صفحہ ۶۴، ۶۵۔ مطبوعہ اعزازیہ دیوبند

(۲۷) علمائے دیوبند کے مرحوم مفتی مولوی محمد شفیع صاحب دیوبندی سلام پڑھنے کا طریقہ یوں تحریر کرتے ہیں:۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں دو چیزوں کا حکم دیا ہے۔ایک صلوٰۃ دوسرے سلام۔سلام کا طریقہ تو التحیات میں ہمیں بتلا دیا گیا ہے۔ السلام علیك ایها النبی و رحمة اللّٰه و برکاته اقول و باللّٰه التوفیق ......

السلام علیك ایها النبی الخ کی برکتیں۔ (ترجمہ از مولوی خیر محمد جالندھری دیوبندی نماز حنفی، صفحہ ۲۵)

جب یہ معنی تصور کر کے بطور انشاء نماز میں مخاطب ہو کر 'یا' ندائیہ کے ساتھ سلام پڑھنا جائز ہے تو نماز کے باہر کیوں شرک ہے جبکہ فرمانِ ایزدی ہے کہ میرے محبوب پر سلام پڑھو اور سلام پڑھنے کا طریقہ التحیات والا ہے تو نماز کے باہر بھی جائز ہے اگر شرک کہا جائے تو عجیب شرک ہے کہ نماز میں شرک کر لو اور نماز کے باہر سلام نہ پڑھو پھر طرفہ یہ کہ ہر مسلمان معلم، متعلم کو التحیات پڑھاتا، سکھاتا ہے تو اس صورت میں نہ کوئی استاد شرک سے بچا نہ ہی شاگرد، نہ دیوبندی بچے اور نہ ہی وہابی۔غضب ہو گیا کیسی نماز اور کیسی التحیات کہ سب کو مشرک کر ڈالا (العیاذ باللہ)۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کے پیارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بغض وحسد کا نتیجہ ہے اور اسی کا نام ہے دیوبندی اُلٹی منطق۔

یا رسول اللہ پڑھنے سے کون چڑتے ہیں

صدر مدرس دیوبند مولوی حسین احمد صاحب ٹانڈوی ثم مدنی لکھتے ہیں:۔

(۲۸) وہابیہ عرب (وعجم) کی زبان سے بارہا سنا گیا ہے کہ 'الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ' کو سخت منع کرتے ہیں اور اہل حرمین (مکہ ومدینہ کے لوگوں) پر سخت نفرین (لعنت وملامت) اس نداء (یا رسول اللہ) اور خطاب (الصلوٰۃ والسلام علیک) پر کرتے ہیں اور ان (مسلمانِ مکہ ومدینہ) کا استہزاء (ٹھٹھا کرنا) اُڑاتے ہیں اور کلمات ناشائستہ استعمال کرتے ہیں حالانکہ ہمارے مقدس (دیوبندی) بزرگانِ دین اس صورت اور جملہ میں صورت درود شریف کو اگرچہ بصیغہ خطاب (الصلوٰۃ والسلام علیک) اورنداء (یا رسول اللہ) کیوں نہ ہو مستحب ومستحسن جانتے ہیں اور اپنے متعلقین (دیوبندیوں) کو اس (الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ پڑھنے) کا امر (حکم) کرتے ہیں اور اس تفصیل کو (بطور پڑھنے کے) مختلف تصانیف وفتاویٰ میں ذکر فرمایا ہے۔

وہابیہ نجدیہ یہ بھی اعتقاد رکھتے ہیں اور برملا کہتے ہیں کہ 'یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)' میں استعانت بغیر اللہ ہے اور وہ شرک ہے اور یہ وجہ بھی ان کے نزدیک سببِ مخالفت کی ہے حالانکہ یہ اکابر (مولوی محمد قاسم دیوبندی، مولوی رشید احمد دیوبندی، مولوی اشرف علی دیوبندی، مولوی خلیل احمد دیوبندی وغیرہ) مقدسان دین متین اس کو ان اقسام استعانت میں سے شمار نہیں کرتے جو کہ مستوجب شرک یا باعث ممانعت ہو۔ اسی وجہ سے نداء لفظ 'یا رسول اللہ' اور خطاب 'الصلوٰۃ والسلام علیک' حاضرین مسجد نبوی و بارگاہِ مصطفوی کے واسطے جائز ومستحب فرماتے ہیں اور وہابیہ وہاں بھی منع کرتے ہیں دو وجہ سے اوّلاً یہ کہ استعانت بغیر اللہ تعالیٰ ہے اور دوم یہ کہ ان (وہابیہ خبیثہ) کا اعتقاد یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے واسطے حیات فی القبور ثابت نہیں بلکہ وہ بھی مثل دیگر مسلمین کے متصف بالحیوٰۃ البرزخیہ اسی مرتبہ سے ہیں۔ پس جو حال دیگر مومنین کا ہے وہی ان کا ہوگا۔ یہ جملہ عقائد ان (وہابیوں) کے ان لوگوں پر بخوبی ظاہر وباہر ہیں جنہوں نے دیارِ نجد عرب کا سفر کیا ہو یا حرمین شریفین میں رہ کر ان لوگوں سے ملاقات کی ہو یا کسی طرح ان کے عقائد پر مطلع ہوا ہو۔ یہ لوگ جب مسجد شریف نبوی میں آتے ہیں تو نماز پڑھ کر نکل جاتے ہیں اور روضۂ اقدس پر حاضر ہوکر صلوٰۃ وسلام ودعا وغیرہ پڑھنا مکروہ بدعت شمار کرتے ہیں۔ انہی افعال خبیثہ واقوال واہیہ کی وجہ سے اہل عرب (اہلسنّت) کو ان (وہابیوں خبیثوں) سے نفرت بے شمار ہے۔

وہابیہ خبیثہ کثرت صلوٰۃ وسلام و درود بر خیر الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام اور قرأت دلائل الخیرات وقصیدہ بردہ وقصیدہ ہمزیہ وغیرہ اور اس کے پڑھنے اور اس کے استعمال کرنے اور ورد بنانے کو سخت قبیح ومکروہ جانتے ہیں اور بعض اشعار کو قصیدہ بردہ میں شرک وغیرہ کی طرف منسوب کرتے ہیں مثلاً ؎

یا اشرف الخلق مالی من الوذبہ سواک عند حلول الحادث العمم

اے افضل مخلوقات میرا کوئی نہیں جس کی پناہ پکڑوں بجز تیرے بروقت نزول حوادث۔

حالانکہ ہمارے (دیوبندی) مقدس بزرگانِ دین اپنے متعلق کو دلائل الخیرات وغیرہ کی سند دیتے رہتے ہیں اور ان کو کثرت درود وسلام وتحریب وقرأت دلائل وغیرہ کا امر (حکم) فرماتے رہتے ہیں۔ ہزاروں کو مولانا گنگوہی ومولانا نانوتوی نے اجازت عطا فرمائی اور مدتوں خود بھی پڑھتے رہتے ہیں۔ اور مولانا نانوتوی مثل شعر بردہ فرماتے ہیں ؎

مدد کر اے کرم احمدی کہ تیرے سوا نہیں ہے قاسم بے کس کا کوئی حامی کار

جو تو ہی ہم کو نہ پوچھے کون پوچھے گا بنے گا کون ہمارا تیرے سوا غمخوار

مولانا ذوالفقار علی دیوبندی نے فہم عوام کے واسطے قصیدہ بردہ کی اُردو میں شرح فرمائی اور اس کو باعثِ سعادت خیال فرمایا۔ غرض ہمیشہ یہ جملہ (دیوبندی) اکابران سب 'یا رسول اللہ' قصیدہ بردہ قصیدہ ہمزیہ دلائل الخیرات وغیرہ کی قرأت کی اجازت دیتے رہے۔ [1]

صدر علمائے کانگریس ودیوبند مولوی حسین احمد صاحب مدنی ٹانڈوی کی تحقیق کا یہ نتیجہ نکلتا ہے۔

الحاصل ثابت ہوگیا کہ جب تک منادیٰ (جس کو پکارا گیا ہے) میں صفات الوہیت یعنی علم غیب ذاتی اور سماع ذاتی تسلیم کر کے نداء نہ کی جائے۔ محض نداء سے اور 'یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم' کہنے سے 'یا شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کہنے سے شرک نہیں لازم آتا اور نہ ان کا معبود بننا۔

---

[1] الشہاب الثاقب، صفحہ ۶۵، ۶۶

(۲۹) دیوبند کے قطب مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی سے کسی نے سوال کیا...... پڑھنا اشعار کا

یا رسول اللّٰہ انظر حالنا　　یا نبی اللّٰہ اسمع قالنا

اننی فی بحر ھم مغرق　　خذ یدی سہل لنا اشکالنا

یا یہ شعر قصیدہ بردہ کا پڑھنا

یا اشرف الخلق مالی من الوذبہٖ　　سواک عند حلول الحادث العمم

حالانکہ ہمارے (دیوبندی) مقدس بزرگانِ دین اپنے متعلق کو دلائل الخیرات وغیرہ کی سند اور اسی قسم کے اشعارِ نعتیہ و استمد ادیہ، منسوب مولانا جامی و دیگر علماء ہیں اور شاید اشعار مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، مولانا محمد قاسم صاحب کے بھی بطور قصیدہ نعتیہ متضمن اشعار استمد ادیہ ہیں۔ پس یہ اشعار استعانت استغاثہ بغیر اللہ تعالیٰ کے خواہ ضمن نعت میں تبعاً خواہ تنہا مستقل بطور وظیفہ یا کسی اور نیت سے جائز ہیں یا مستحب یا ممنوع اور شرک ہیں۔ اگر ناجائز اور شرک ہیں تو ان کے مصنفوں کے حق میں کیا کہا جائے گا کہ وہ اکابر دین تھے اور پیشوائے اہل یقین۔

جواب...... یہ خود معلوم آپ کو ہے کہ نداء غیر اللہ دور سے شرک حقیقی جب ہوتا ہے کہ ان کو عالم سامع مستقل عقیدہ کرے ورنہ شرک نہیں۔ مثلاً یہ جانے کہ حق تعالیٰ ان کو مطلع فرمادے گا، یا باذنہ تعالیٰ انکشاف ان کو ہو جائے گا، یا باذنہ تعالیٰ ملائکہ پہنچادیں گے جیسا کہ درود کی نسبت وارد ہے یا محض شوقیہ کہتا ہو۔ محبت میں یا عرض حال اور محل تحسر (اظہار حسرت) و حرمان میں کہ ایسے مواقع میں اگرچہ کلمات خطابیہ بولتے ہیں لیکن ہرگز نہ مقصود اسماع ہوتا ہے نہ عقیدہ۔ پس انہیں اقسام سے کلمات مناجات و اشعار بزرگان کے ہوتے ہیں کہ فی حد ذاتہ نہ شرک نہ معصیت، مگر ہاں بوجہ موہم ہونے کے ان کلمات کا مجامع میں کہنا مکروہ ہے کہ عوام کو ضرر ہے اور فی حد ذاتہ ایہام بھی ہے۔ [1]

---

[1] فتاویٰ رشیدیہ، صفحہ ۳۱۲

(۳۰) دیوبندی فرقہ کی جز ولا ینفک تبلیغی جماعت کی مشہور و معروف کتاب 'تبلیغی نصاب' مؤلفہ مولوی زکریا صاحب جو فرقہ دیوبندی کے ممتاز قلم کار اور ان کے شیخ الحدیث تھے کتاب مذکور کے حصہ فضائل درود شریف میں تحریر فرماتے ہیں:۔

دیوبندیہ کے خیال میں اگر ہر جگہ درود و سلام دونوں کو جمع کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے یعنی 'السلام علیک یا رسول اللہ۔ السلام علیک یا نبی اللہ' وغیرہ کے 'الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ۔ الصلوٰۃ والسلام علیک یا نبی اللہ' اسی طرح اخیر تک السلام کے ساتھ الصلوٰۃ کا لفظ بھی بڑھا دے تو زیادہ اچھا ہے۔ [1]

(۳۱) تبلیغی سربراہ مولوی محمد زکریا صاحب' عاشق رسول سلطان المشائخ حضرت علامہ سیّدی عبدالرحمٰن جامی قدس سرہ السامی نقشبندی کا واقعہ اپنے والد سے روایۃً نقل فرمایا ہے جو اس طرح ہے:۔

جب اس ناکارہ (مولوی زکریا) کی عمر تقریباً دس گیارہ سال کی تھی گنگوہ میں اپنے والد صاحب سے یہ کتاب (یوسف زلیخا) پڑھی تھی اسی وقت ان کی زبانی اس کے متعلق ایک قصہ بھی سنا تھا اور وہ قصہ ہی خواب میں اس کی طرف ذہن کے منتقل ہونے کا داعیہ بنا قصہ یہ سنا کہ مولوی جامی نور اللہ مرقدہ واعلی اللہ مراقبہ یہ نعت کہنے کے بعد (جام ایران سے) جب ایک مرتبہ حج کیلئے تشریف لے گئے تو ان کا ارادہ یہ تھا کہ روضۂ اقدس کے پاس کھڑے ہو کر اس نظم کو پڑھیں گے۔ جب حج کے بعد مدینہ منورہ کی حاضری کا ارادہ کیا تو امیر مکہ نے خواب میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کی۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خواب میں ان کو یہ ارشاد فرمایا کہ اس (جامی کو) مدینہ نہ آنے دیں۔ امیر مکہ نے ممانعت کر دی مگر ان پر جذب شوق اس قدر غالب تھا کہ یہ چھپ کر مدینہ منورہ کی طرف چل دیئے۔ امیر مکہ نے دوبارہ خواب دیکھا۔ حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے فرمایا وہ آ رہا ہے۔ اس کو یہاں نہ آنے دو۔ امیر نے آدمی دوڑائے اور ان کو راستہ سے پکڑوا کر بلایا۔ ان پر سختی کی اور جیل خانہ میں ڈال دیا۔ اس پر امیر کو تیسری مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ یہ کوئی مجرم نہیں، بلکہ اس نے کچھ اشعار لکھے ہیں جن کو یہاں آ کر میری قبر پر کھڑے ہو کر پڑھنے کا ارادہ کر رہا ہے۔ اگر ایسا ہوا تو قبر سے مصافحہ کیلئے ہاتھ نکلے گا جس میں فتنہ ہوگا۔ اس پر ان کو جیل سے نکالا گیا اور بہت اعزاز و اکرام کیا گیا۔ اس قصہ کے سننے میں یا یاد میں تو اس ناکارہ کو تردد نہیں لیکن اس وقت اپنے ضعف بینائی اور امراض کی وجہ سے مراجعت کتب سے معذوری ہے۔ ناظرین میں سے کسی کو کسی کتاب میں اس کا حوالہ اس کی ناکارہ زندگی میں ملے تو اس ناکارہ کو بھی مطلع فرما کر ممنوع فرمائیں۔

---

[1] تبلیغی نصاب، صفحہ ۲۰۰، ۲۰۷

اس قصہ ہی کی وجہ سے اس ناکارہ (زکریا صاحب) کا خیال اس نعت کی طرف گیا تھا اور اب تک ذہن میں ہے اور اس میں (واقعہ اور ہاتھ نکلنے میں) کوئی استبعاد نہیں سید احمد رفاعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مشہور اکابر صوفیا میں سے ہیں، ان کا قصہ مشہور ہے کہ جب ۵۵۵ھ میں وہ زیارت کیلئے حاضر ہوئے اور قبر اطہر کے قریب کھڑے ہوکر دو شعر پڑھے تو حضور پُر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دست مبارک باہر نکلا اور انہوں نے اس کو چوما [1] اس ناکارہ (مولوی زکریا) کے رسالہ فضائل حج کی حکایات زیارت مدینہ کے سلسلہ میں نمبر ۱۳ پر یہ قصہ مفصل علامہ سیوطی (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) کی کتاب الحاوی سے گزر چکا ہے اور بھی متعدد قصے اس میں روضۂ اقدس سے سلام کا جواب ملنے کے ذکر کیے گئے ہیں۔ [2]

بقول مولوی زکریا نظم و نعت اور بفرمان سلطانِ دو جہاں اشعار علامہ جامی کے یہ ہیں:۔

زمہجوری برآمد جان عالم ترحم یا نبی اللہ ترحم [3]

نہ آخر رحمۃ اللعالمینی زمحروماں چرا غافل نشینی

(۳۲) ان اشعار کا ترجمہ مولوی اسعد اللہ دیوبندی خلیفہ تھانوی صاحب کی زبانی ملاحظہ فرمائیں:۔

۱﴾ آپ کے فراق سے کائناتِ عالم کا ذرہ ذرہ جاں بلب ہے اور دم توڑ رہا ہے۔ اے رسولِ خدا نگاہِ کرم فرمائیے اے ختم المرسلین رحم فرمائیے۔

۲﴾ آپ یقیناً رحمۃ اللعالمین ہیں ہم حرماں نصیبوں اور ناکامانِ قسمت سے آپ کیسے تغافل فرما سکتے ہیں۔ [4]

(۳۳) صد سالہ مذہب دیوبند کے ایک پیشوا مولوی ذوالفقار علی دیوبندی نے عاشق رسول امام بوصیری علیہ الرحمۃ کے قصیدہ بردہ کی شرح میں ندا کرکے منکرین کے سر سے پانی گزار دیا۔

از فروغ تست روشن دین و دنیا ہر دو جا

بر تو باد از خدا صلوٰت یا بدر الدجیٰ

نور تو دردی نبودے گر ودیعت اے ہدیٰ [5]

---

[1] تبلیغی نصاب فضائل درود شریف، صفحہ ۸۰۲، ۸۰۳۔ افاضات یومیہ، جلد ا صفحہ ۲۹۲۔ بنیان المشید، صفحہ ۱۵-۲۱

[2] تبلیغی نصاب، صفحہ ۸۰۳ [3] تبلیغی نصاب، صفحہ ۸۰۴ [4] تبلیغی نصاب، صفحہ ۸۰۵، ۸۰۶ [5] عطر الوردہ، صفحہ ۳۰

(۳۴) علمائے دیوبند کے مقتدر عالم دین مولوی عبدالحیٔ لکھنوی کے فتاویٰ میں دیوبندی مکتب فکر کے مولوی محمد الحق صاحب کے جوابات میں سوال نمبر ۱ کا جواب درج ذیل ہے۔

جواب سوال نمبر ۱۔ کہنا یا رسول اللہ ساتھ 'صلوٰۃ وسلام' کے یعنی 'الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم' جائز ہے جیسا کہ التحیات یعنی السلام علیك ایها النبی وغیرہ یعنی قرآن سے یا ایها المزمل، یا ایها المدثر، یا ایها النبی، یا ایها الرسول حدیث سے یا محمد یا رسول الله، مسلم شریف [۱] یا محمد انی اتوجه الیك ابن ماجہ سے سمجھا جاتا ہے [۲] (جائز ہے)۔

اذان میں انگوٹھے چومتے وقت یا رسول اللہ پڑھنا

(۳۵) علمائے دیوبند کے مستند عالم دین مولوی عبدالحیٔ صاحب لکھنوی اپنے فتویٰ میں سوال کا جواب دیتے ہوئے راقم ہیں۔

جواب...... فقہا مستحب نوشتہ اند وحدیثے ہم درین باب نقل مے سازند ودر امر مستحب فاعل وتارک ہر دو قابل ملامت وتشنیع نیستند در جامع الرموز مے آرد۔

اعلم انه یستحب ان یقال عند سماع الاول من الشهادة صلی الله علیك یا رسول الله وعند سماع الثانیة قرة عینی بك یا رسول الله ثم یقال اللهم متعنی بالسمع والبصر وبعده وضع ظفر الیدین علی العینین فانه صلی الله علیه وسلم یکون قائد له الجنة کذا فی کنز العباد انتهی [۳]

فقہاء نے انگوٹھے چومنا مستحب لکھا ہے اور ثبوت میں حدیث بھی پیش کرتے ہیں۔ مستحب کام کرنے یا چھوڑنے والا قابل ملامت نہیں ہوتے۔ جامع الرموز میں لکھا ہوا ہے جان لو بے شک یہ مستحب ہے کہ پہلی دفعہ اشهد ان محمد الرسول الله سن کر یہ کہا جائے صلی الله علیك یا رسول الله اور جب دوسری بار سنے تو کہے قرة عینی بك یا رسول الله اور پھر یہ کہا جائے اللهم متعنی بالسمع والبصر اور اس کے بعد اپنے ہاتھوں کے ناخنوں کو اپنی آنکھوں پر رکھا جائے اس لئے کہ جو ایسا کرے گا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بہشت کی طرف اس کی قیادت فرمائیں گے کنز العباد میں بھی اسی طرح ہے۔

---

[۱] جلد ۲، صفحہ ۲۱۱ [۲] مجموعہ فتاویٰ مولانا عبدالحیٔ صاحب لکھنوی، جلد ۱ صفحہ ۳۳۷ [۳] مجموعہ فتاویٰ عبدالحیٔ، جلد ۲ صفحہ ۴۴

(۳۶) حاشیہ تفسیر جلالین شریف درسی مطبوعہ مولوی نور محمد صاحب دیوبندی میں یہ عبارت معاندین ومخالفین کیلئے اور معترضین پر ناقابل تردید حجت ہے۔

یقول الفقیر قد صح من العلماء تجریز الاخذ بالحدیث الضعیف فی العملیات فکون الحدیث المذکور غیر مرفوع لا یستلزم ترک العمل بمضمونه وقد اجاب القهستاتی فی القول باستحبابه وکفانا کلام الامام المکی فی کتابه فانه قد شهد الشیخ السهروردی فی عوارف المعارف بوفور علمه وکثرة حفظه وقوة حاله وقبل جمیع ما اورده فی کتابه قوة القلوب ملخصاً من روح البیان ولقد فصلنا الکلام واطنبناه لان بعض الناس ینازع فیه لقلة علمه [1]

مذکورہ بالا جواب بلکہ حاشیہ نمبر ۱۳ مکمل انگوٹھے چومنے اور الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ کے جواز میں مؤید ہے لیکن بعض غبی الذہن دشمن عظمتِ رسول اپنی سابقہ روایات کے پیش نظر تفسیر جلالین شریف حاشیہ نمبر ۱۳ کی عبارت ادھوری پڑھ کر اپنی بدمذہبی کی آگ کو تندوتیز ہوا دینے کی ناکام کوشش کرتے ہیں۔ ان کی طبع ناساز وفکر جان گداز پر یقول الفقیر قد صح من العلماء سے لے کر مکمل عبارت جو بطورِ جواب مسطور ومرقوم ہے۔ برقِ آسمانی وسیفِ نورانی سے بھی بڑھ کر محرقہ ومقطعہ ہے پر نظر کیوں نہیں جاتی۔ میٹھا ہڑپ ہڑپ، کڑوا تھوتھو۔ آج کل کے ان نیم ملاؤں نے اسلام کو آماجگاہ طبع وعداوتِ رسول کا اکھاڑہ بنا ڈالا ہے۔

(نومن ببعض ونکفر ببعض ولا حول ولا قوة الا باللّٰه العلی العظیم)

(۳۷) مولوی اشرف علی صاحب تھانوی لکھتے ہیں کہ حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام سن کر انگوٹھے چوم کر آنکھوں پر لگانے سے آنکھیں دُکھیں گی نہیں (بوادر النوادر، صفحہ ۴۰۹)

---

[1] تفسیر جلالین حاشیہ ۱۳، صفحہ ۳۵۷، مطبوعہ اصح المطابع کراچی

اذان کے بعد صلوٰۃ وسلام پڑھنا

(۳۸) مولوی شمس الدین ابن قیم جوزی صحیح مسلم شریف کے حوالے سے حدیث شریف میں لکھتے ہیں کہ حضور پُرنور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ اذا سمعتم المؤذن فقولوا مثل ما یقول ثم صلوا علی فانه من صلی علی صلوٰۃ صلی اللہ عشرا ثم سلوا اللہ لی الوسیلة [1]

جب تم اذان سنو تو وہی الفاظ دہراؤ پھر صلوٰۃ وسلام پڑھو مجھ پر پس جو شخص مجھ پر درود پڑھے ایک بار، اللہ تعالیٰ اس کے سبب اس پر دس بار رحمت بھیجتا ہے۔ پھر طلب کرو اللہ تعالیٰ سے میرے لئے وسیلہ اللھم رب ھذہ الدعوۃ التآمة والصلوٰۃ القآئمة اٰت سیدنا محمدا ن الوسیلة والفضیلة الخ۔

(۳۹) اذان کے بعد بآواز بلند الصلوٰۃ والسلام علیك یا رسول اللہ پڑھنا اچھا کام ہے۔ [2]

(۴۰) بعد از اذان صلوٰۃ وسلام پڑھنے والے کو ثواب ملے گا۔ [3]

(۴۱) مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی لکھتا ہے کہ ہر دیوبندی بعد اذان کے درود شریف 'الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ' پڑھ کر یہ دعا پڑھے: اللھم رب ھذہ الدعوۃ التآمة والصلوٰۃ القآئمة اٰت سیدنا محمدا ن الوسیلة والفضیلة وابعثه مقاما محمودا ن الذی وعدته' انك لا تخلف المیعاد [4]

---

[1] جلاء الافہام، صفحہ ۶۱، ۶۲۔ مشکوٰۃ شریف، صفحہ ۶۴۔ مسلم شریف، جلد ا صفحہ ۱۶۶

[2] فقہ حنفی کی مشہور و معتمد کتاب درمختار و ردالمحتار، جلد ا صفحہ ۲۸۷

[3] امام سخاوی محدث القول البدیع

[4] بہشتی گوہر، مطبوعہ نور محمد کراچی

(۴۲) اہل سنت کے مشہور ماہنامہ رضائے مصطفیٰ سے درس کلام خدا برائے منکرین لا تجعلوا دعاء الرسول بینکم کدعاء بعضکم بعضا (القرآن) 'رسول کے پکارنے کو آپس میں ایسا نہ ٹھہرالو، جیسا تم میں ایک دوسرے کو پکارتا ہے'۔ سیّد المفسرین سیّدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام لے کر عامیانہ انداز میں نہ پکارو بلکہ تعظیم وتوقیر کے ساتھ یا نبی اللہ یا رسول اللہ کہہ کر بلاؤ۔ [۱]

(۴۳) ابن قیم جوزی پیشوائے غیر مقلدین نے بھی یہی لکھا ہے کہ آپ کو نام لے کر نہ پکارا جائے بلکہ یارسول اللہ کہا جائے کیونکہ کفار آپ کو نام لے کر پکارتے تھے اور مسلمان یارسول اللہ کے ساتھ خطاب کرتے تھے۔ [۲]

(۴۴) اشرف علی تھانوی دیوبندی حکیم الامت نے بھی اس تفسیر کو نقل کیا ہے کہ بعض لوگ حضور کو یا محمد کہہ کر پکارتے تھے اس میں اس کی ممانعت ہے کہ رسول کو اس طرح نہ پکارو۔ اس کے بعد لوگ (صحابہ) اس طرح کہنے لگے یا رسول اللہ یا نبی اللہ درمنثور میں حضرت ابن عباس سے یہی تفسیر منقول ہے۔ [۳]

(۴۵) شبیر احمد عثمانی دیوبندی شیخ الاسلام نے بھی اس تفسیر کو نقل کرتے ہوئے لکھا ہے کہ مخاطبات میں حضور کے ادب وعظمت کا پورا خیال رکھنا چاہئے عام لوگوں کی طرح یا محمد کہہ کر خطاب نہ کیا جائے۔ بلکہ یا نبی اللہ یا رسول اللہ جیسے تعظیمی القاب سے پکارنا چاہئے۔ [۴]

معلوم ہوا کہ قرآن پاک تفسیر مبارکہ صحابہ کرام اور مفسرین ومخالفین کی مذکورہ تصریحات کے مطابق نعرۂ رسالت لگانا یارسول اللہ پکارنا حق سچ اور جائز وثابت ہے اور جو اس کو شرک وگناہ اور مردہ باد کہتا ہے، وہ خود گمراہ بے دین اور مردہ ہے مردود ہے۔

اگرچہ قرآن پاک کے ارشاد اور مذکورہ تصریحات کے بعد ہمیشہ کیلئے 'یارسول اللہ' پکارنے پر نہ کوئی قید لگا سکتا ہے اور نہ پابندی عائد ہوسکتی ہے مگر پھر بھی مناسب ہے کہ چند ایسی تصریحات بھی پیش کردی جائیں جن سے روزِ روشن کی طرح واضح ہوجائے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ظاہری زندگی کی طرف بعد از وصال بھی یا رسول اللہ، یا نبی اللہ پکارنا جائز وثابت ہے اور اس میں کسی قسم کی کوئی مانعت نہیں۔

---

[۱] تنویر المقباس من تفسیر ابن عباس، صفحہ ۲۲۳ [۲] جلاء الافہام، صفحہ ۱۰۲

[۳] بیان القرآن، جلد ۲ صفحہ ۷۰ طبع تاج [۴] حاشیہ عکسی حمائل شریف، صفحہ ۴۶۶

(۴۶) بعد از وصال عارف باللہ علامہ احمد صاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا، مذکورہ آیت سے مستفاد ہوا کہ حیات و وفات میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تعظیم کے ساتھ ندا جائز ہے اور جو آپ کی توہین وتنقیص کرے وہ دنیا و آخرت میں ملعون ہے اور کافر ہے۔ [۱]

(۴۷) ملا علی قاری علیہ رحمۃ الباری نے فرمایا کہ آپ کو حیات و بعد از وفات یا رسول اللہ، یا نبی اللہ، یا حبیب اللہ، یا خلیل اللہ کہہ کر پکارا جائے۔ [۲]

(۴۸) علامہ آلوسی بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے تفسیر روح المعانی میں فرمایا کہ ابن عباس، قتادہ، حسن، مجاہد، سعید بن جبیر جیسے اکابر سے یہی یا رسول اللہ یا نبی اللہ کہنے کی تفسیر منقول ہے اور یہ حکم نداء وفات سے لے کر اب تک جاری ودائمی ہے۔ [۳]

بحوالہ رضائے مصطفیٰ، صفحہ ۶۔ شعبان المعظم ۱۴۰۳ھ ﴾

قارئین! 'السلام علیک یا رسول اللہ' بطور درود شریف پڑھنا دیوبندیوں کے نزدیک بھی جائز ہے جیسا کہ آپ اس رسالہ کے اوراق گزشتہ میں پڑھ چکے ہیں۔

(۴۹) دنیائے صحافت کا عظیم حق گو صحافی میاں عبد الرشید صاحب پاکستان کے کثیر الاشاعت روزنامہ نوائے وقت کے مشہور و معروف کالم نور بصیرت میں شرک و بدعت کے عنوان میں حق وصداقت کی تحریر نمود فرماتے ہیں:۔

اُمتِ مسلمہ کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے میں خفیہ یہودی تحریک کے بارے میں غلط فہمیاں بھی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات میں کسی اور کو ان کے برابر سمجھنا شرک ہے۔ الحمد للہ کوئی مسلمان اس کا مرتکب نہیں ہوتا اب یا رسول اللہ کہنے کو شرک بنالینا یا عقیدت سے ہاتھ چومنے کو شرک کہنا صریحا زیادتی ہے۔ التحیات میں 'ایھا النبی' کا کلمہ موجود ہے اور نماز میں سب التحیات پڑھتے ہیں۔ اگر بزرگوں [۴] کے پاس روحانیت کیلئے جانا شرک ہے تو پھر علماء کے پاس علم شریعت سیکھنے کیلئے جانا کیوں شرک نہیں۔ کالج واسکول میں تعلیم حاصل کرنے کیلئے جانا کیوں شرک نہیں۔ ڈاکٹر کے پاس شفا کیلئے جانا کیوں شرک نہیں۔ شرک ظلم عظیم ہے اس کی معافی نہیں اس لئے کسی مسلمان کو بے سوچے سمجھے مشرک کہنے کیلئے احتراز کرنا چاہئے۔ (روزنامہ نوائے وقت پاکستان)

---

[۱] تفسیر صاوی، جلد ۳ صفحہ ۱۴۹ [۲] شرح شفا، جلد ۳ صفحہ ۳۸۶ [۳] تفسیر روح المعانی، جلد ۱۸ صفحہ ۲۲۵

[۴] یا اہل القبور...... مفتی مدرسہ دیوبند نے (قبرستان پہنچ کر کیا پڑھنا چاہئے کا) جواب لکھا ہے کہ درود شریف بھی پڑھ سکتے ہیں اور طریق مشروع زیارت قبور کا یہ ہے کہ کہے السلام علیکم یا اھل القبور انتم لنا سلف و انا ان شاء اللہ بکم لا حقون یغفر اللہ لنا ولکم اس کے بعد اگر قل ھو اللہ وغیرہ پڑھ کر ثواب پہنچادے تو یہ بھی اچھا ہے۔ (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، جلد ۵ صفحہ ۴۵۰۔ مطبوعہ امدادیہ ملتان)

صلوٰۃ وسلام بر خیر الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام

(۵۰) حضرت ابو اسحاق بن شعبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، مسجد میں داخل ہونے والے کو چاہیے کہ حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر صلوٰۃ وسلام پڑھے۔ (یعنی الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلیٰ اٰلک واصحابک یا حبیب اللہ) پڑھنے کے بعد کہے اللھم اغفرلی ذنوبی وافتح لی ابواب رحمتك اور جب مسجد سے نکلے تو بھی صلوٰۃ وسلام پڑھنے کے بعد کہے اللھم انی اسئلك من فضلك ...... [1]

(۵۱ - ۵۲) حضرت عمر بن دینار فرماتے ہیں کہ ان لم یکن فی البیت احد فقل السلام علی النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علینا وعلی عباد اللہ الصلحین السلام علی اھل البیت ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ...... [2]

(۵۳) مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندی (کراچی) کے مکتبہ دارالاشاعت (جو محمد رضی عثمانی دیوبندی کے زیر انتظام اشاعتِ کتب میں سرگرم عمل ہے) کی مطبوعہ کتاب مستطاب اصلی جواہر خمسہ میں ہے کہ حضرت قطب الاقطاب قطب عالم حضرت مخدوم جہانیاں سید جلال بخاری قدس اللہ سرہ العزیز (مزار واقع اوچ شریف) نے اپنے اوراد میں لکھا ہے کہ جو مومن اس درود شریف کو پڑھے اس کے اعمال نامہ میں حج کا ثواب لکھا جاتا ہے اور جو لکھ کر اپنے پاس رکھے، دنیا وآخرت کی تمام بلاؤں سے امن میں رہے اور عقبیٰ میں قرب سرکار احمد مختار صلوٰۃ وسلام علیہ نصیب ہوگا۔ درود معظم یہ ہے:۔ [3]

الصلوٰۃ والسلام علیکم یا محمد ن العربی الصلوٰۃ والسلام علیکم یا محمد ن القرشی الصلوٰۃ والسلام علیکم یا محمد ن المکی الصلوٰۃ والسلام علیکم یا نبی اللہ الصلوٰۃ والسلام علیکم یا محمد رسول اللہ الصلوٰۃ والسلام علیکم یا محمد حبیب اللہ الصلوٰۃ والسلام علیکم یا جد الحسن والحسین الصلوٰۃ والسلام علیکم یا ابا الفاطمۃ الزھراء الصلوٰۃ والسلام علیکم یا صاحب المنبر والمعراج محمد رسول اللہ صلی اللہ

---

[1] شفاء شریف، جلد ۲ صفحہ ۲۵ [2] ☆ شفاء شریف، جلد ۲ صفحہ ۵۲، ۵۳ ☆ مطبوعہ فاروقی کتب خانہ اہل حدیث ملتان۔ القول البدیع، صفحہ ۳۳۔ صفحہ ۱۷۳۔ جلاء الافہام، صفحہ ۲۹۷۔ صفحہ ۳۰۷۔ صفحہ ۳۰۰ ☆ ترمذی شریف، جلد ۱ صفحہ ۲۱۔ ابن ماجہ، جلد ۱ صفحہ ۹۹

[3] اصلی جواہر خمسہ، صفحہ ۱۰۲۔ مطبوعہ دارالاشاعت کراچی

اسی جواہر خمسہ میں یہ نداو فریاد بھی موجود ہے:۔

السلام علیکم یا رجال الغیب ویا ارواح المقدسه اغیثونی بغوثة وانظرونی بنظرة یا رقبآء یا نکبآء ونجبآء و یا ابدال ویا اوتاد ویا اقطاب ویا قطب الاقطاب امددنی فی هذا الامر سلمك اللّٰه تعالیٰ فی الدنیا والآخرة بحق محمد واله اجمعین [1]

---

[1] اصلی جواہر خمسہ، صفحہ ۳۱۰۔ مطبوعہ دارالاشاعت کراچی

☆ اصلی جواہر خمسہ صفحہ ۲۵۲۔ صفحہ ۲۵۳۔ مطبوعہ دارالاشاعت کراچی، دیوبندی مستند کتاب خزینۂ عملیات، صفحہ ۳۱۴ میں دل کی گھبراہٹ کیلئے

دیوبندی مطبوعہ کتاب میں نادِ علی کے فضائل

۱ ...... گرفتار جمعہ کے دن مشت خاک پر سات بار پڑھ کر خاک ہوا میں اُڑائے۔

۲ ...... دشمن سے خوفزدہ، روزانہ ستر بار پڑھے۔

۳ ...... مسحور آب چاہ پر دم کر کے غسل کرے اور پیئے۔

٤ ...... مریض آب باراں پر دم کر کے پیئے۔

۵ ...... مغموم ہزار بار پڑھے۔

٦ ...... مظلوم سات بار پڑھے اور تین بار پڑھ کر ظالم کے منہ پر پھونکے۔

۷ ...... حب والا جمعہ کی ساعتِ اوّل میں ۴۸ بار پڑھے۔

۸ ...... متہم ہر صبح کو چالیس بار پڑھے۔

۹ ...... بے خوابی والا نمازِ جمعہ سے قبل پچیس بار پڑھے۔

۱۰ ...... طالب غناء ہر صبح کو بات کرنے سے قبل ۹۱ بار پڑھے۔

۱۱ ...... طالبِ دولت ہر صبح کو ۱۰۰ بار پڑھے۔

۱۲ ...... اعداء کو مطیع کرنے والا روزانہ ستر بار پڑھے۔

۱۳ ...... اعداء کی زبان بندی کیلئے دس بار دس یوم تک پڑھے۔

۱٤ ...... تحصیل مرادات والا روزانہ ٤٤ بار پڑھے۔

۱۵ ...... پرانی بیماری والا روزانہ دس سے لے کر ستر بار تک پڑھے۔

۱٦ ...... زخم چشم وعقد اللسان والا بیس بار تین روز پڑھے۔

۱۷ ...... کشف القبور والا روزانہ ستر بار پڑھے۔

۱۸ ...... طالبِ زیارت سرکارِ ابد قرار صلی اللہ تعالی علیہ وسلم بستر پر سوتے وقت ہر شب کو تین ہزار بار پڑھے۔

۱۹ ...... فتوح ابواب اقبال کیلئے روزانہ پانچ سو بار پڑھے۔

نَادِ عَلِيًا مَظْهَرِ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَآئِبِ كُلِّ هَمٍّ وَغَمٍّ

سَيَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَبِوَلَايَتِكَ يَاعَلِیُّ يَاعَلِیُّ يَاعَلِیُّ

(۵۴) حضرت شاہ عبدالعزیز استاد المحدثین نے آٹھویں صدی کے بہت بڑے محدث بقیہ السلف جلیل القدر ولی اور ابدال والشیخ شہاب الدین ابوالعباس فارسی متوفی ۸۹۹ھ جو زروق کے نام سے مشہور تھے کے بارے میں لکھا ہے کہ انہوں نے اپنے مریدین اور شاگردوں کو یہ فرمایا ہوا تھا کہ

انا لمریدی جامع لشتاتہٖ اذا ما سطا جور الزمان بنکبتہٖ

میں اپنے مرید کی پریشان حالی کو تسلی دینے والا ہوں جب زمانہ نکبت واد بار سے اس پر حملہ آور ہو۔

و ان کنت فی ضیق وکرب و وحشۃ فناد بیا زروق آت بسرعۃ [۱]

اگر تو کسی تنگی بے چینی اور وحشت میں ہو تو یا زروق کہہ کر پکار میں فوراً آموجود ہوں گا۔

(۵۵) خلیفہ غلام محمد دین پوری اور مولوی عبید اللہ سندھی دیو بندی کے خلیفہ مجاز اور دیو بندی مسلک کی مستند ہستی مولوی احمد علی صاحب لاہوری کے ملفوظات میں ہے کہ فجر اور مغرب کی نماز کے بعد بلند آواز سے درود شریف پڑھے:۔

'الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ وسلم علیک یا حبیب اللہ'

درود شریف کا کون منکر ہوسکتا ہے۔ ہمارا ایمان ہے کہ ایک دفعہ درود شریف پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں، دس گناہ معاف ہوتے ہیں، دس درجے بلند ہوتے ہیں اور دس دفعہ خدا کی رحمت نازل ہوتی ہے۔ (ملفوظات طیبات، صفحہ ۱۱۱،۱۱۲۔ مطبوعہ خدام الدین لاہور)

---

[۱] مسجد میں امام حنفی ہو اور غیر مقلدین میں کچھ آدمی وہاں نماز پڑھنے لگے اور آمین بالجہر وغیرہ کرنے لگے اور موجودہ امام مسجد کو گاہ گاہ صحیح معنی سمجھ کر وظیفہ شیاً للہ پڑھنے کا اتفاق ہوتا ہے اس لئے غیر مقلدین نے اس کو مشرک قرار دے کر اس کے پیچھے نماز پڑھنی چھوڑ دی اب اس مسجد میں دو اذان اور دو جماعت ہوتی ہے۔ ایسا کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں اور قدیم امام کو مشرک کہنا کیا حکم رکھتا ہے؟

الجواب...... دو اذانیں اور دو جماعتیں ایک مسجد میں جائز نہیں اور امام مذکور مشرک نہیں ہے اس کو مشرک کہنا غلط ہے۔ (فتاوٰی دار العلوم دیو بند، جلد ۳ صفحہ ۴۲۔ مطبوعہ امدادیہ ملتان)

[۲] بستان المحدثین، صفحہ ۳۲۲۔ مطبوعہ ایچ ایم سعید کراچی۔ ترجمہ عبدالسمیع دیو بندی

(۵٦) مولوی عزیز الرحمٰن پانی پتی جو بقول مولوی حفیظ الدین احمد دیوبندی کے مولوی اشرف علی تھانوی مولوی اصغر حسین [۱] دیوبندی اور مولوی حسین احمد ٹانڈوی صدر مدرس دیوبند کے صحبت یافتہ [۲] اور مکتسب فیض تھے، نے اپنی خزینہ عملیات کی کتاب میں حضور شافع یوم النشور، ملائکہ، موکلات، خلفاء اربعہ اور اولیاء اللہ کو یا سے ندائیں کیں لکھیں اور اپنے اخلاف کو بھی اجازت دی۔

خزینہ عملیات کے صفحات پیش خدمت میں:۔

صفحہ ۳۱ پر یا جبرئیل...... صفحہ ۳۲ پر یارسول...... صفحہ ۴۸، ۳۱۵، ۲۷٦ پر یا جبرئیل یا دردائیل یا رفتمائیل یا تنکفیل...... صفحہ ۵۳ پر یا حبیب وصفحہ ۱۲۴ پر یا حبیب کا مربع نقش...... صفحہ ۵٦ پر یا ولی...... صفحہ ۵۸ پر یا طہوناص...... صفحہ ۴۷ پر یا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم...... صفحہ ۸۰ پر یا رفتمائیل واقسمت علیکم واغثنی علیکم...... صفحہ ۱۱٦ پر یا محمد یا دافع البلیات...... صفحہ ۱۲۲ پر یا محمد...... صفحہ ۱۲۷ پر دوبار یا محمد...... صفحہ ۱۲۸ پر پانچ بار یا مطیع...... صفحہ ۱۵۴ پر یا محمد صلی اللہ علیک وسلم، یا حضرت ابا بکر صدیق، یا حضرت عمر، یا حضرت عثمان، یا حضرت علی، یا علی یا علی (رضی اللہ عنہم)...... صفحہ ۱۷۲ پر یا عطائے علی، یا عطائے رسول...... صفحہ ۱۷٦ پر دوبار یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)، یا علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)...... صفحہ ۱۹۱ پر دوبار یا ولد...... صفحہ ۲۱۴ پر ناد علی...... صفحہ ۲۷۰ پر یا عباد اللہ الصالحین پکارا گیا، لکھا گیا اور پکارنے ولکھنے کا طریق پیش کیا گیا۔ (خزینہ عملیات، مطبوعہ مدینہ کمپنی کراچی)

(۵۷) مولوی اشرف علی تھانوی نام نہاد حکیم امت ومجدد وملت دیوبندی نے مفتی غلام حسن شہید رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی نعت کا یہ شعر تصدیقاً تائیداً اور تسلیماً اپنی زندگی کی آخری تصنیف میں نقل فرما کر اخلاف نا معقولان دیوبند کے منہ پر زبردست طمانچہ رسید کر کے مسلک اہل سنت کی حقانیت واضح کردی...... شعر ملاحظہ فرمائیں:۔

قسم بقبلہ روئے تو یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔۔۔ رواست سجدہ بسوئے تو یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [۳]

یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم آپ کا روئے مبارک جو قبلہ ہے آپ کی قسم آپ کی طرف سجدہ کرنا جائز ہے۔

ہر وقت اہل سنت پر بولنے والے دیوبندی وہابی غیر مقلد مودودی مسعودی چیت روڑی وغیرہ تھانوی صاحب ودیگر اکابر دیوبند پر کفر وشرک اور گستاخی کا فتویٰ شائع فرما کر ایمان درازی کا ثبوت دیں۔ اسٹیج، منبر، اسمبلی ہال اور مختلف مقامات پر ندائے یارسول اللہ کی مخالفت کرنے والے اپنے دیوبندی اساتذہ مشائخ اور اکابر کے گریبانوں میں جھانک کر فتاویٰ بازی کا بازار گرم کیا کریں شاید خجالت سے بچ سکیں۔

---

[۱] میاں اصغر حسین دیوبندی کے پاس مولوی عزیز اور مولوی حفیظ جب جا رہے تھے تو راستے میں کھیر والے کی دکان سے گزرے۔ مولوی عزیز نے کہا واپسی پر یہاں سے کھیر کھائیں گے۔ جب میاں صاحب کے پاس پہنچے تو تھوڑی دیر کے بعد میاں صاحب نے فرمایا لیجئے کھیر کھایئے آپ کی خواہش بھی تھی۔ [۲] مقدمہ خزینہ عملیات، صفحہ ٦ [۳] السنۃ الجلیہ، صفحہ ۱۰۱۔ بوادر النوادر، صفحہ ۱۳۹

(۵۸) عمل کشائش..... فرقہ دیوبندی کے سلسلہ قادری میں منسلک، مولوی احتشام الحسن کاندھلوی نے اپنی کتاب غوثِ اعظم میں حضور پُر نور سیّدنا و مرشدنا السید الشیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عمل مبارک لکھا ہے کہ جب شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ پر کوئی صدمہ یا حادثہ پیش آتا تو آپ حق تعالیٰ کی جانب متوجہ ہوتے اور اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نفل نماز پڑھتے تھے۔ نماز کے بعد سو مرتبہ درود شریف پڑھتے تھے اور کہتے تھے:۔

اغثنی یا رسول اللہ علیک الصلوٰۃ والسلام

پھر سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روحانیت کی طرف متوجہ ہو کر دل ہی دل میں آہستہ آہستہ دو شعر پڑھتے تھے:۔

ایدرکنی ضیم وانت ذخیرتی والظلم فی الدنیا وانت نصیرتی

وعار علی راعی الحمی وھو فی الحمی اذ ضاع فی البیداء بعیرتی

یعنی کیا مجھے بھی کوئی آفت پہنچ سکتی ہے کہ جب آپ کا تعلق میرے لئے ذخیرۂ آخرت ہے۔

اور کیا میں بھی دنیا میں ظلم و ستم کیا جاؤں گا جبکہ آپ میرے معین و مددگار ہیں۔ [1]

یہ امر تو گلہ بان کیلئے باعثِ عار ہے کہ اس کے گلہ میں ہوتے ہوئے اس جنگل میں میرے اونٹ کی رسی گم ہو جائے۔

ان ابیات کے پڑھنے کے بعد آپ اسی درود شریف کی کثرت کرتے تھے اس عمل کی برکت سے آپ پر سے اللہ تعالیٰ اس صدمہ اور آفت کو دور فرما دیتا تھا اور آپ اپنے مریدین کو بھی مصیبت اور آفت کے وقت اس عمل کی تلقین فرماتے تھے۔

(۵۹) فرقہ دیوبندی کے مدرسہ جامعہ اشرفیہ لاہور کے مولوی جوائم اشرف لاہوری کو مسئلہ قربانی کے سنت یا واجب ہونے پر کچھ بھی نہ بتا سکے (جنگ لاہور) صلوٰۃ وسلام کے مسئلہ میں وجہ جواز پیش کرتے ہیں صلوٰۃ وسلام (الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ) کے پڑھنے میں کوئی شک نہیں کہ بہترین عبادت ہے اور ہر وقت اس کو پڑھنا باعثِ رحمت و برکت ہے۔ مگر دیکھنا یہ ہے کہ آئندہ آنے والی نسلیں اس کو اذان کا جز تو نہیں سمجھ لیں گی، اگر اس کو اذان کا جز سمجھ لیا گیا تو بلاشبہ پھر بدعت ہوگی۔ انصاف کی بات یہ ہے کہ اذان سے پہلے پڑھنے والے پڑھیں مگر اذان کی طرح اونچی آواز سے نہ پڑھیں، بلکہ آواز قدرے پست ہو اور اذان و صلوٰۃ وسلام میں اگرچہ آدھ منٹ کا فصل ہو تو پھر ان شاء اللہ العزیز بدعت ہونے کا احتمال نہیں ہوگا۔ [2]

---

[1] غوث الاعظم، صفحہ ۲۳۔ طبع ادارہ اسلامیات لاہور [2] روزنامہ جنگ جمعہ میگزین، صفحہ ۱۔ ۱۳ تا ۲۰ جنوری ۱۹۸۴ء

(٦٠) غیر مقلدین کے امام ابن تیمیہ الحرانی نے ایک حدیث نقل کی ہے:۔

عن ابن مسعود رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ، عن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم ! اقال اذا انفلتت دابة احدکم بارض فلة فلینا دیا عباد اللّٰہ احبسوا یا عباد اللّٰہ! فان اللّٰہ عزّوجل فی الارض حاضرا سیحبسہ (الکلم الطیب، ص۵۸) رواہ ابن السنی۔ قال امام النووی حکی بعض شیوخنا الکبار فی العلم انہ فعل ذلک فافاد ۔۱۲ حصن حصین، صفحہ ۱۷۴، ۱۷۵۔ و قال ھذا عمل مجرب۔ ۱۲

یعنی حضور پُر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا، جب تم میں سے کسی کا جانور جنگل وغیرہ میں گم ہو جائے تو وہ اللّٰہ کے بندوں کو پکارے اور کہے کہ میرے جانور کو پکڑو، اللّٰہ تعالیٰ کی طرف سے وہاں اللّٰہ کے بندے حاضر ہوتے ہیں، جو اس کے جانور کو پکڑ لیتے ہیں۔ امام نووی فرماتے ہیں کہ ہمارے بزرگوں نے ایسا کیا تو فائدہ پایا اور یہ عمل مجرب ہے، یعنی اللّٰہ کے بندوں کو بوقتِ مصیبت پکارا جائے تو وہ مشکل حل کر دیتے ہیں۔

ع غوث اعظم سے فریاد ہے زندہ پھر یہ پاک ملت کیجئے

یا شیخ عبد القادر جیلانی شیأ للہ پڑھنا

(٦٢) بزرگانِ دیوبند کے قطب مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی اپنے فتاویٰ میں لکھتے ہیں اس (یا شیخ عبد القادر جیلانی شیأ للہ) کا وِرد کرنا بندہ جائز نہیں جانتا۔ اگرچہ شرک نہیں اور اس عقیدے سے پڑھنا کہ شیخ کو حق تعالیٰ اطلاع کر دیتا ہے اور باذنہٖ تعالیٰ (یعنی اللہ کے حکم سے) شیخ حاجت براری کر دیتے ہیں یہ بھی شرک نہ ہوگا۔ باقی (یا شیخ عبد القادر جیلانی شیأ للہ پڑھنے والے) مومن کی نسبت بدظن ہونا بھی معصیت (گناہ) ہے اور جلدی سے کسی (پڑھنے والے) کو کافر و مشرک بنا دینا بھی غیر مناسب ہے۔ [١]

(٦٣) مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی فرماتے ہیں، جو نداء نص میں وارد ہے۔ مثلاً یا عباد اللہ اعینونی [٢] وہ باتفاق دیوبندی و بریلوی جائز ہے اور یہ تفصیل حق عوام میں ہے۔ یہاں سے معلوم ہو گیا حکم وظیفہ یا شیخ عبد القادر شیأ للہ کا...... ہاں اگر وسیلہ و ذریعہ جانے یا ان الفاظ کو بابرکت سمجھ کر خالی الذہن ہو کر پڑھے تو کچھ حرج نہیں۔ [٣]

(٦٤) مولوی حسین علی صاحب واں بچھروی جو مولوی غلام خان کے استاذ اور مولوی رشید احمد گنگوہی کے شاگرد ہیں' کے پیر روشن ضمیر اور مرشد راشد حضرت مولانا خواجہ محمد عثمان صاحب، دامانی نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت لعل شاہ صاحب حج پر گئے تو مدینہ منورہ میں ایک جماعت دیکھی ان کا پیر بھی ان کیساتھ تھا۔ وہ حلقہ بنا کر چکر لگاتے اور ہاتھ پر ہاتھ مارتے اور پڑھتے 'یا شیخ عبد القادر جیلانی شیأ للہ'۔ پیر صاحب ایک مرید کی طرف توجہ فرماتے، وہ حق حق کی ضرب لگاتا (اور مدہوش ہو جاتا) باقی چکر لگاتے رہتے یونہی باری باری ہوتا اور تمام مریدوں پر (پیر صاحب) توجہ ڈالتے (خواجہ صاحب فرماتے ہیں لعل شاہ کو) میں نے کہا کہ وہ طریقہ قادریہ رکھتے ہیں۔ [٤] ملخصاً

---

[١] فتاویٰ رشیدیہ، صفحہ ٣٣٠ [٢] الکلم الطیب، صفحہ ٥٨۔ لابن تیمیہ و حصن حصین شریف، صفحہ ١٧٢، ١٧٥ [٣] کلیات امدادیہ، صفحہ ٧٧

[٤] مجموعہ فوائد عثمانی فارسی، صفحہ ٢٧

(٦٥) میاں جی محمدی کا لڑکا عبدالعزیز سخت بیمار پڑ گیا۔اطبانے جواب دے دیا والدین گھبرا گئے میاں جی نے خواب میں مولوی اسمٰعیل (امام الوہابیہ والدیانیہ) کو مسجد میں وعظ کرتے دیکھا۔عبدالعزیز کو پیشاب کی ضرورت ہوئی۔آدمیوں کی کثرت کی وجہ سے مولوی اسماعیل کی طرف لے گیا جب عزیز اسماعیل کے سامنے پہنچا تو اس نے یا شافی پڑھ کر دم کر دیا خواب کے بعد میاں جی کی آنکھ کھلی تو بیوی کو جگا کر کہا کہ عبدالعزیز اچھا ہو گیا ہے۔طبیب غلط کہتے تھے میں نے یہ خواب دیکھا ہے صبح ہوئی تو عبدالعزیز بالکل تندرست تھا۔ [1] بیمار کو صحت دینا بھی مشکل کشائی ہے۔ڈاکٹر کی گولی کو قبض کشا کہنے والے مولوی اسماعیل کو غیب دان، متصرف، مختار کل اور مشکل کشا و حاجت روا ماننے والے محبوبان خدا کے ایسے کمالات پر کیوں کفر و شرک کا فتویٰ لگاتے ہیں۔

(٦٦) مولوی احمد حسن اور مولوی فخر الحسن میں ایک دوسرے پر اَعْلَمْ ہونے کی جنگ تھی مولوی محمود حسن دیوبندی بھی کسی ایک جانب جھک گئے۔واقعہ طول پکڑ گیا۔ایک دن علی الصبح مولوی رفیع الدین دیوبندی نے مولوی محمود کو اپنے حجرے میں بلایا۔وہ حاضر ہوئے تو رفیع الدین نے فرمایا پہلے یہ میرا روئی کا لبادہ دیکھو۔محمود نے دیکھا تو خوب بھیگ رہا تھا۔فرمایا کہ ابھی ابھی مولانا نانوتوی (قبر سے نکل کر) جسد عنصری سے میرے پاس آئے جس سے میں پسینہ پسینہ ہو گیا اور لبادہ تر بتر ہو گیا اور یہ فرمایا کہ محمود حسن کو کہہ دو کہ وہ اس جھگڑے میں نہ پڑے۔محمود نے کہا، حضرت میں آپ کے ہاتھ پر توبہ کرتا ہوں اس کے بعد میں اس قصہ میں کچھ نہ بولوں گا۔ [2]

یہ ہے مٹی میں ملے ہوئے دیوبندی مردے کا علمِ غیب، تصرف، سمع، فہم و فراست، خروج و دخول قبر پر اختیار، دیوبندوں کے اعمال و اقوال کی خبر، تعلی، خیر و شر اور فتنہ و فساد کا علم اور امتناعی حکم مشکل کشائی و حاجت روائی۔تعجب تو یہ ہے کہ دیوبندی مشکل کشا بغیر بلائے و پکارے قبروں سے نکل کر آجائیں اور مشکل حل کریں۔پھر طرفہ تماشا یہ کہ رفیع الدین بھی مطمئن اور محمود صاحب بھی مومن دونوں کو اہلسنت پر کیے جانے والا نہ کوئی اعتراض یاد رہا اور نہ ہی کوئی ہرزہ سرائی اور آج تک تمام دیوبندیوں کا اس پر ایمان! ملاحظہ فرمائیں حاشیہ دیوبندی حکیم تھانوی صاحب کا! ارواح ثلاثہ، صفحہ ۲۸۹۔

---

[1] ارواح ثلاثہ، صفحہ ۱۱۲۔حکایات ۹۲ [2] ارواح ثلاثہ، صفحہ ۲۸۸۔حکایت ۲۴۷

(۶۷) بانی مذہب دیوبندی مولوی محمد قاسم صاحب گنگوہ حاضر ہوئے۔ گنگوہی کی سہ دری میں کورا بدھنا رکھا تھا۔ نانوتوی صاحب نے اٹھایا کنویں سے ہمیں بھر کر دیا۔ پانی کڑوا پایا۔ نمازِ ظہر کے وقت گنگوہی سے ملے اور یہ قصہ بیان کیا۔ آپ نے فرمایا کنویں کا پانی تو میٹھا ہے قاسم صاحب نے کورا بدھنا پیش کیا۔ حضرت نے چکھا تو بدستور تلخ تھا۔ فرمایا اچھا اس کو رکھیں۔ نمازِ ظہر کے بعد حضرت نے سب نمازیوں کو فرمایا کہ کلمہ طیبہ جس قدر ہو سکے پڑھو اور حضرت نے بھی پڑھنا شروع کیا۔ بعدہٗ حضرت نے دعا کیلئے ہاتھ اُٹھائے اور نہایت ہی خشوع و خضوع کے ساتھ دعا مانگ کر ہاتھ منہ پر پھیر لئے۔ اس کے بعد بدھنا اُٹھا کر پانی پیا تو شیریں (میٹھا) تھا سب نمازیوں نے چکھا تو کسی قسم کی تلخی نہ تھی بعد میں حضرت نے فرمایا کہ اس بدھنے کی مٹی اس قبر کی ہے جس پر عذاب ہو رہا تھا۔ الحمدللہ کلمہ کی برکت سے رفع ہو گیا۔ [1]

سوال نمبر۱...... کیسے علم ہوا کہ یہ معذب کی قبر کی مٹی سے بنا ہے؟

سوال نمبر۲...... کیسے علم ہوا یہ معذب ہے بھی مسلمان؟

سوال نمبر۳...... کیسے علم ہوا کہ اس کے گناہ کلمہ طیبہ کی برکت سے معافی کے قابل ہیں؟

یہ ہے دیوبندیوں کا زندہ پیر جو بغیر التجاء کے غیب دان ہو کر عالمِ برزخ میں قبر والے کی مشکل کشائی کرتا ہے۔

(۶۸) مولوی محمد قاسم صاحب کمشنر بندوبست ریاست گوالیار پریشانی میں مبتلا ہوئے۔ ریاست کی طرف سے تین لاکھ روپیہ کا مطالبہ ہوا۔ انکے بھائی مولانا فضل الرحمٰن مراد گنج آبادی کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے وطن دریافت فرمایا عرض کیا دیوبند تعجب سے فرمایا گنگوہ مولانا کی خدمت میں کیوں نہ گئے۔ اتنا دراز سفر کیوں اختیار کیا۔ عرض کیا حضرت یہاں عقیدت کھینچ لائی ہے فرمایا تم گنگوہ ہی جاؤ تمہاری مشکل کشائی رشید احمد ہی کی دعا پر موقوف ہے، میں اور تمام زمین کے اولیاء بھی اگر دعا کریں تو نفع نہ ہوگا چنانچہ واپس ہوئے اور بوسیلہ حکیم ضیاء الدین حضرت (رشید احمد) کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حکیم صاحب نے سفارش کی تو ارشاد فرمایا کہ میرا کوئی قصور نہیں بلکہ یہ صاحب مدرسہ دیوبند کے مخالف ہیں جو اللہ کا ہے۔ قصوروار اللہ کے ہیں۔ اللہ سے توبہ کریں بندہ بھی دعا کرے گا۔ ادھر انہوں نے توبہ کی اور ادھر مطالبہ سے برأت کا کمشنر صاحب سے حکم آ گیا۔ [2]

یہ ہیں واسطے اور وسیلے اور اسی کا نام ہے مشکل کشائی و حاجت روائی۔ مگر مولوی فضل الرحمٰن صاحب کی غیب دانی، قاسم صاحب کے بھائی کا مشکل کشائی کیلئے سفر کرنا، مولوی فضل الرحمٰن صاحب کی مشکل کشائی کیلئے رشید کے پاس بھیجنا اور اس کی دعا پر مشکل کشائی کو موقوف کرنا، اپنی اور تمام ولیوں کی دعا سے عدمِ نفع کا علم۔ وسیلہ و سفارش دوسرے غیب دان کا بیان کہ یہ مدرسہ کا مخالف ہے اللہ سے توبہ کریں، بندہ بھی دعا کرے گا۔ ادھر توبہ ادھر برأت۔

کیا اسی عقیدہ کی اہل سنت کو بھی اجازت ہے کہ اولیاء اللہ کی دعا سے مشکل کشائی ہو جاتی ہے؟

---

[1] ارواح ثلاثہ، صفحہ ۲۳۰، ۲۳۱۔ حکایت نمبر ۲۸۵۔ صفحہ ۳۵۷، ۳۵۸۔ حکایت نمبر ۳۳۲ [2] ارواح ثلاثہ، صفحہ ۳۵۹، ۳۶۰۔ حکایت نمبر ۳۳۷

(٦٩) مولوی محمد فیاض دیوبندی، مولوی اشرف علی تھانوی کے مشکل کشا ہونے کا اقرار یوں کرتے ہیں:۔

اے لقائے تو جواب ہر سوال　　مشکل از حل تو حل شود بے قیل قال

پھر اس کی تصدیق میں یہ لکھتے ہیں، مجھے یقین قطعی ہے کہ میری مشکل کو بجز ذاتِ گرامی کے اور کوئی شخص سارے ہندوستان میں دفع نہیں کرسکتا۔اس لئے کہ میرے عقیدے میں حضور والا ہی زمانہ موجودہ میں قطب الہند ہیں۔ [1]

دیوبندی عقیدے کے مطابق جو قطب ہوتا ہے وہ مشکل کشا بھی ہوتا ہے اور حاجت روا بھی، پھر اہلسنّت کیلئے اس عقیدہ کو ماننے پر کفر وشرک کی مشین گن کیوں چلائی جاتی ہے؟ جب دیوبندی قطب مشکل کشا ہوتا ہے۔اس وقت خداوند تعالیٰ کے پاس بھی یہ صفت ہوتی ہے یا نہیں؟ وہ مشکل کشا قطب ہوتا بھی ہے یا نہیں؟ مرتا بھی ہے یا نہیں؟ خود بھی مشکلات میں پھنستا ہے یا نہیں؟ ملتانی ملاں کی دس شکلیں دیوبندی قطب اور معتقدین پر لاگو ہوتی ہیں یا نہیں؟

مزید حوالے الامداد والاستعانت میں ملاحظہ فرما کر اپنے پختگی ایمان کا سامان فرمائیں۔اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کے طفیل حق گوئی و حق پرستی کی توفیق بخشے۔آمین

غیر مقلدوں کا فتویٰ

(٧٠) علمائے غیر مقلدین کے پیشوا اور فرقہ غیر مقلد کے مربی مولوی وحید الزمان صاحب عقائد غیر مقلدین کی ترجمان کتاب 'ہدیۃ المہدی' میں لکھتے ہیں:۔

ما نقوله للعامة يا رسول الله او يا على او يا غوث فبمجرد النداء لا نحكم بشركهم و كيف وقد نادىٰ رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قتل بدر يا فلاں بن فلاں و يا فلاں بن فلاں وورد فى حديث عثمان بن حنيف يا محمد انى اتوجه بك الى ربى وورد فى الحديث يا عباد الله اعينونى [2]

جو کچھ عام لوگ یارسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) یا علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) یا غوث اعظم (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) پکارتے ہیں تو صرف اس پکار کی وجہ سے ہم انہیں مشرک نہیں کہہ سکتے اور یہ (حکم شرک) کیسے ہوسکتا ہے حالانکہ خود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مقتولین بدر کو نام لے کر پکارا ہے اور حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ (صحابی) کی حدیث میں لفظ یا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) انی اتوجہ بک الی ربی موجود ہے۔ایک اور حدیث میں یا عباد اللہ اعینونی (اے اللہ کے بندو میری مدد کرو) بھی وارد ہے۔

---

[1] ارواح ثلاثہ، صفحہ ۴۲۱-۴۲۳　　[2] ہدیۃ المہدی، صفحہ ۲۳، ۲۲، ۴۲، ۴۷

مدح الرسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اہل مکہ

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یا سے پکارتے ہیں

امروز اشاعت خاص ۱۲ ربیع الاول ۱۴۰۳ھ ۲ محمد طہ السقاف۔ مکۃ المکرمہ

زرت الحبيب الذى انواره ملات اقاصي الكون من عرب ومن عجم

میں نے اس حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کی، جس کے انوار سے عرب وعجم کی ساری کائنات بھرپور ہے۔

اعطاك ربي شانا لا مثيل له به سموت وصنت الدين والقيم

میرے ربّ تعالیٰ نے آپ کو وہ شان عطائی فرمائی جس کی مثال نہیں

اس سے آپ کو بلندی حاصل ہوئی اور آپ نے دین وسیدھی راہ کی حفاظت کی

أأحمد انت ام طه الذى فخرت به السموات و رب العرش والامم

میں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدح کروں یا طہٰ جس کے باعث، آسماں فخر کناں ہے اور عرش ومخلوق کا ربّ تعالیٰ

بعثك ربي لقوم انت راحمهم انت الشفيع لمن ياتيك في ندم

میرے ربّ نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایسی قوم کی طرف بھیجا جس پر آپ رحم فرماتے

اور جو ندامت سے آپ کے سامنے حاضر ہو آپ اس کے شفیع ہیں

تطلب له العفو من رب السماء وما ربي برادك حاشا يا ابالهم

ربّ تعالیٰ سے آپ اس (نادم) کیلئے بخشش مانگتے ہیں اور اے صاحب عزم نبی میرا ربّ آپ کی دعا رد نہیں کرتا

عدنان عفوا فلن يوفيك لي قلم مهما كتبت سيبقى عاجزا قلمي

میں معافی کا طلبگار رہوں، میرا قلم آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدح تک رسائی حاصل نہیں کرسکتا

چاہے کس قدر لکھوں، میرا قلم عاجز ہی رہے گا

انت الشفيع لنا فی یوم وحدتنا فی غربة البعث تبقی رافع العلم

تنہائی کے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہمارے سفارشی ہیں، دوبارہ اٹھتے ہوئے غربت کے دن آپ پرچم ہی اٹھائے ہوئے ہوں گے

اعطاك ربی مزایا لا امثال لها لم یعطها اللہ الا صاحب الشیم

میرے ربّ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وہ خوبیاں عطا کیں جن کی مثال نہیں

اللہ تعالیٰ سے یہ خوبیاں صرف اعلیٰ صفات کے مالک کو ہی ملتی ہیں

محمد خیر خلق اللہ قاطبة من حطم الشرك والاوثان والصنم

محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق میں بہترین ہیں جس نے شرک اور بتوں کو تباہ کر دیا

یا سید الخلق والاسلام اجمعه من اخرج الناس من ظلم الی قیم

اے ساری مخلوق اور مسلمانوں کے سردار، جس نے لوگوں کو اندھیروں سے روشن راہ کی طرف نکالا

تبارك اللہ ربا لا مثیل له ارسلك بالحق ربی راحما رحم

اللہ تعالیٰ برکت والا ہے، ایسا ربّ تعالیٰ ہے جو بے مثال ہے

آپ کو میرے اللہ تعالیٰ نے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا خوب خوب رحم کرنے والا

فاضل بریلوی کا فتویٰ

اعلیٰ حضرت، مجدد دین وملت، حامی سنت، ماحی شرک وبدعت الشاہ الامام مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ایمان افروز فتویٰ ملاحظہ فرمایئے۔

مسئلہ کیا فرماتے ہیں علمائے فحول اور مفتیان ذوی العقول اس مسئلہ میں کہ کہنا یا رسول اللہ، یا ولی اللہ کا جائز ہے یا نہیں؟ اور مدد چاہنا پیغمبران اور ولی اللہ سے اور حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو 'یا مشکل کشا علیؑ' وقتِ مصیبت پر کہنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب...... جائز ہے جبکہ انہیں بندۂ خدا اور اس کی بارگاہ میں وسیلہ جانے اور انہیں باذنِ الٰہی 'والمدبرات امراً' سے مانے اور اعتقاد کرے کہ بے حکم خدا ذرّہ نہیں ہل سکتا اور اللہ عزّ وجل کے دیئے بغیر کوئی ایک حبہ (دانہ) نہیں دے سکتا۔ ایک حرف نہیں سن سکتا پلک نہیں ہلا سکتا۔ اور بے شک سب مسلمانوں کا یہی اعتقاد ہے۔ اس کے خلاف کا ان پر گمان محض بدگمانی وحرام ہے اور ایسے سچے اعتقاد کے ساتھ ندا کرنا بلا شبہ جائز ہے۔ جامع ترمذی شریف وغیرہ کی حدیث ہے خود سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک نابینا کو یہ دعا تلقین فرمائی کہ نماز کے بعد یوں کہیں: یا محمد انی اتوجہ بک الی ربی فی حاجتی ھذا لیقضی لی یا رسول اللہ میں حضور کے وسیلہ سے اپنے ربّ کی طرف اپنی حاجت میں منہ کرتا ہوں تاکہ میری یہ حاجت پوری ہو، اور بعض روایات میں ہے: لتقضی لی یا رسول اللہ تاکہ حضور میری یہ حاجت پوری فرما دیں۔ اس نابینا نے بعد نماز یہ دعا کی، فوراً آنکھیں کھل گئیں۔ طبرانی وغیرہ کی حدیث میں ہے۔ عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت میں حضرت عثمان بن حنیف صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ دعا ایک صحابی یا تابعی کو بتائی انہوں نے بعد نماز یوں ہی ندا کی کہ 'یا رسول اللہ' میں حضور کے وسیلے سے اس حاجت میں اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ کرتا ہوں ان کی حاجت بھی پوری ہوئی۔ پھر علماء ہمیشہ اسے قضائے حاجات کیلئے لکھتے آئے۔ نیز حدیث میں ہے: اذا اراد عونا فلیقل یا عباد اللہ اعینونی یا عباد اللہ جب استعانت کرنا اور مدد لینا چاہے تو یوں پکارے میری مدد کرو اے اللہ کے بندو۔ فتاویٰ خیریہ میں ہے: قولھم یا شیخ عبد القادر نداء فما الموجب لحرمتہ یا شیخ عبد القادر کہنا ندا ہے۔ اس کی حرمت کا سبب کیا ہے۔ فقیر نے اس بارے میں ایک مختصر رسالہ 'انوار الانتباہ فی حل ندا یا رسول اللہ' لکھا ہے وہاں دیکھے کہ زمانہ رسالت سے ہر قرن و زمانہ کے ائمہ، علماء وصلحا میں وقتِ مصیبت محبوبانِ خدا کو پکارنا کیسا شائع ذائع رہا ہے۔ وہابیہ کے طور پر معاذ اللہ صحابہ سے آج تک وہ سب بزرگانِ دین مشرک ٹھہرتے ہیں۔ [1]

(ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم) واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: عبدہ المذنب احمد رضا عفی عنہ بمحمدنِ المصطفیٰ

---

[1] احکام شریعت، جلد ا صفحہ ۱۶، ۱۷، طبع مدینہ کراچی

مولوی ذوالفقار علی دیوبندی اپنے مرشد حضرت حاجی امداد اللہ شیخ علماء دیوبند کی بارگاہ بے کس پناہ میں یوں منادی ہو کر عرض گزارتے ہیں:۔

ارحم علی یا غیاث فلیس لی	کھفی سویٰ حبکم زاد
فاز الانام بکم وانی ھائم	فانظر الی برحمتہ یا ھادی
یا سیدی للّٰہ شیأ انہ	انتم لی المجدی وانی جاری

(شمائم امدادیہ، صفحہ ۱۱۱۔ طبع شرف الرشید پاکستان۔ تذکرۃ الرشید، صفحہ ۱۱۴، ۱۱۵۔ کرامات امدادیہ، صفحہ ۳)

لمحۂ فکریہ

بعض لوگوں کے سامنے جب حضرت حاجی امداد اللہ شیخ علمائے دیوبند کی عبارات بطورِ اثبات مسائل متنازعہ فیہ میں پیش کی جائیں تو وہ حاجی صاحب کے مریدوں اور شاگردوں کے شاگرد ڈھیٹ بن کر چلا اُٹھتے ہیں کہ حاجی صاحب عالم نہیں تھے۔ یعنی بقول ان کے وہ جاہل تھے اور ان کا قول حجت نہیں اگر مرشد کے مرشد یا استاد کے استاد کا قول حجت نہیں تو پھر مہاتما گاندھی، نہرو، اندرا، شاستری، جگ جیون رام وغیرہ کا قول حجت ہوگا۔ افسوس ایسی عقل نارسا پر۔

کاتب الحروف دیوبندی لوگوں سے بطور اصلاح گذارش کرتا ہے کہ جب حاجی صاحب کا حال ایسا تھا تو پھر آپ کے اساتذہ یا آپ کے پیروں نے حاجی صاحب کے ہاتھ پر بیعت کیوں کی؟ ان کو اپنا مرشد کیوں تسلیم کیا؟ ان کے سامنے زانوئے تلمذ کیوں بچھایا؟ اس نام نہاد پیر پرستی کا طوق گلے میں پہن کر ان کے سامنے جبین نیاز و عشق ناز کیوں جھکائی؟

پھر جو عقائد و مسائل مرشد ارشد پیر روشن ضمیر حاجی امداد حسین یعنی حاجی امداد اللہ علیہ الرحمۃ والغفران کی ولایت قطبیت، غوثیت، عارفیت، شیخیت، رشد وارشاد، دین واسلام اور ایقان وایمان میں نقص وخلل پیدا نہ کرسکے..... وہی عقائد و مسائل بریلی کا شہنشاہ انڈیا کا ساکن اور پاکستان دنیائے اسلام کا کوئی فرد اختیار کئے ہوئے ہو اور قرآن واحادیث اور اقوال ائمہ وملتِ اسلامیہ کا اجماع بھی ان پر واضح ہو تو وہ کیوں دین وایمان، اسلام وقرآن سے ہاتھ دھو کر ابلیس یا ابوجہل جیسا کافر ہو کر جہنم کا ایندھن بنے؟

ع   سوچ لو اے اہل دل سوچ لو

مخلوق میں کوئی طاقت وکمال کسی کا اپنا نہیں بلکہ معطی مطلق حاکم برحق، خالق چہاردہ طبق، اللہ وحدہ لاشریک کا عطیہ ہے۔ ایسا نفیس و پاکیزہ عقیدہ رکھنے والے مسلمان کو صرف ندائے 'یارسول اللہ' و پکار کی آڑ میں کافر ومشرک بنانا۔ جبکہ وہ منادی کو غیب دان ذاتی، سامع، مستقل اور مستغنی عن اللہ اعتقاد نہ کرے نہ اس میں حقیقی، ذاتی، مستقل، دائمی، کمال جانے، کیوں کافر و مشرک بنے۔

اور ایسے غیر شرکیہ بلکہ پاکیزہ عقائد کے تحت ندا کی وجہ سے انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور اولیاء اللہ رضی اللہ عنہم کو مورد عتاب ٹھہرانا اور انہیں خداداد صفات وکمال سے محروم سمجھنا اور بتوں کی طرح جماد و بے جان پتھر فرض کرلینا، محبتِ خداوندی سے انکار اور شریعتِ مصطفوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے مذاق ہے اور ان مقربان بارگاہِ حسن وناز کی کھلم کھلا گستاخی و بے ادبی!

بلکہ بالفرض کوئی جاہل، احمق ان حضرات میں علم غیب علی درجہ الاستقلال اور سماع بغیر احتیاج الی اللہ فرض کرلے تو اس میں ان مقدس وخدا پرست، خدا رسیدہ ہستیوں کا کیا قصور! کہ بغیر سوچے سمجھے لال پیلا ہو کر سارا نزلہ ان پر گرادیا جائے اور زباں کی کبیدگیوں اور قلم کی دریدہ نوک سے ان محبوبانِ الٰہی کو مجروح یا مذبوح کیا جائے۔

کیا یہی ہے حفظ مراتب کیا یہی ہے دانشمندی

فکر ونظر کی دنیا میں انصاف کا طالب!

فقیر السعیدی القادری عفی عنہ

تــــــمـــــت بـالـــــخــــــيـــــر